صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعرات مورخہ 19 ستمبر 2024ء بمطابق 14 ربیع الاوّل 1446ہجری بعداز دوپہر چار بجکر سترہ منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب مسند نشین، محمد ادریس خٹک مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ۔ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔

فَاِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى O يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ مَا سَعٰى O وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِمَنْ يَّرٰى O فَاَمَّا مَنْ طَغٰى O وَاٰثَرَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا O فَاِنَّ الْجَحِيْمَ هِيَ الْمَاْوٰى O وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَ نَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى O فَاِنَّ الْجَـنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى۔

(ترجمہ): پھر جب وہ ہنگامہ عظیم برپا ہوگا۔ جس روز انسان اپنا سب کیا دھرا یاد کرے گا۔ اور ہر دیکھنے والے کے سامنے دوزخ کھول کر رکھ دی جائے گی۔ تو جس نے سرکشی کی تھی۔ اور دنیا کی زندگی کو ترجیح دی تھی۔ دوزخ ہی اس کا ٹھکانا ہوگی۔ اور جس نے اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے کا خوف کیا تھا اور نفس کو بری خواہشات سے باز رکھا تھا۔ جنت اس کا ٹھکانا ہوگی۔ صَدَقَ ٱللَّٰهُ ٱلْعَظِيم۔

جناب مسند نشین: جزاک اللہ۔ جی؟

(اس مرحلہ پر معزز رکن محترمہ ثوبیہ شاہد نے کورم کی نشاندہی کی)

جناب مسند نشین: کورم دغہ اوکړئ۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

جناب مسند نشین: 21، دو منٹ کے لئے گھنٹی بجائے۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب مسند نشین: کاؤنټنګ اوکړئ دوبارہ۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

جناب مسند نشین: 23 ,22۔ وقفہ لے لیتے ہیں، وقفہ لے لیتے ہیں۔ 23، ٹھیک ہے۔

The sitting is adjourned for fifteen minutes.

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب مسند نشین مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب مسند نشین: کاؤنٹنگ کرلیں۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

جناب مسند نشین: کورم پورا نہیں، دو منٹ کے لئے گھنٹیاں بجائیں۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب مسند نشین: کورم پورا نہیں ہے، دو منٹ کے لئے گھنٹیاں اور بجائیں۔

(اس مرحلہ پر دوبارہ گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب مسند نشین: دو منٹ کے لئے گھنٹی بجادیں ذرا۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب مسند نشین: تہ گنتی اوکړہ دوبارہ۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

Mr. Chairman: Thirty eight, the quorum is completed.

اراکین کی رخصت

جناب مسند نشین: ان معزز اراکین اسمبلی نے رخصت کے لئے درخواستیں ارسال کی ہیں: ان میں جناب ریاض خان صاحب، ایم پی اے، دو یوم کے لئے، 19 سے 20 ستمبر 2024، جناب سجاد اللہ صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے، 19 ستمبر، جناب محمد عبد السلام صاحب، ایم پی اے، دو یوم کے لئے، 19 و 20 ستمبر، جناب ہشام انعام اللہ خان صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے، 19 ستمبر، جناب شیر علی آفریدی صاحب، ایم پی اے، دو یوم کے لئے، 19 ستمبر، 19 و 20

ستمبر، جناب حاجی لائق محمد خان صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے، 19 ستمبر، جناب اشفاق احمد، ایم پی اے، آج کے لئے، 19 ستمبر، مخدوم آفتاب حیدر صاحب، ایم پی اے، دو یوم، 19 و 20 ستمبر۔

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The leave is granted. The previous discussion is continued. Iftikhar Mashwani!

ملک میں موجودہ سیاسی صورتحال پر بحث (جاری)

جناب افتخار علی مشوانی: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔ شکریه سپیکر صاحب، ما خو وئیل چې میجر صاحب به خبرې اوکړی، زما په خیال میجر صاحب ځان دغه کړو۔ جناب سپیکر صاحب! په اتم ستمبر باندې د پاکستان تحریک انصاف یو جلسه په اسلام آباد کښې کیږی، یو پرامن جلسه وه، یو احتجاجی زمونږه د ریلیز د عمران خان په نوم باندې زمونږه جلسه وه، د هغې Proper این او سی چې کوم دے نو هغه هم مونږ ته، تحریک انصاف ته ملاؤ شوې وه خو د افسوس خبره دا ده چې په دغه جلسه کښې په لکهونو خلقو چې کله شرکت اوکړو او دغه خلقو ته پته اولګیده نو په نهم تاریخ باندې د قومی اسمبلئ د اجلاس په دوران کښې ځنې نامعلومو خلقو په اسمبلئ باندې چې کوم دے حمله اوکړه او په هغې کښې د پاکستان تحریک انصاف ایم این ایز چې زمونږه دی، هغوی ئې د ایوان نه دننه چې کوم دے ګرفتار کړل، ډیره د افسوس خبره ده چې دې ایوان کښې دا د دې صوبې لویه جرګه ده، هغه ایوان چې هغه د غونډ پاکستان، د غونډ پاکستان د ټولو نه لویه جرګه ده، سپریم هغه ځائې چې په هغه ځائې کښې سپیکر خاموشی اختیاروی، د سپیکر په مخکښې چې کوم دے د لکهونو مینډیټ اغستونکی خلق، هغه چې کوم دے هغه راښکلې کیږی، د هغوی بې عزتئ کیږی، افسوس، وجه څه ده، دا ولې اوشو؟ او ډیره د افسوس خبره ده جناب سپیکر صاحب، چې کله د اسلام آباد هائی کورټ چې د دې خلاف کله کیس لګی او آئی جی کله پیش کیږی، دیخوا د قومی اسمبلئ سپیکر وائی زما نه اجازت نه دے اغستے شوے او بل سائډ ته د هائی کورټ د چیف جسټس مخکښې چې کوم دے آئی جی اسلام آباد وائی چې ما د سپیکر صاحب په اجازت باندې چې کوم دے ټوله کارروائی کړې ده، ډیره د شرم خبره ده، ډیره د شرم خبره ده، د دغه ګرفتارئ چې ډیره مذمت اوشی هغه کم دے او زه د دې ځائې نه د دې ایوان په وساطت باندې سپیکر صاحب، ستاسو په اجازت باندې چې کوم دے دغه قومی اسمبلئ دې سپیکر ته چې ځان ته سردار وائی، چې د دې صوبې خلق چې کوم دے هغه د دې صوبې اوسیدونکی وو، هغه ټهیک ده اوس په لاهور کښې Settled شوی دی، هغه به لاهور ته تلې وی، اوس به ئې ووټ چې کوم دے په لاهور کښې وی، په لاهور کښې به ئې

الیکشن کړے وی، د قومی اسمبلۍ ممبر به جوړ شوے وی، بیا به سپیکر جوړ شوے وی خو هغه زما په خیال چې هغه د دې صوبې چې کوم دے هغه بچے دے او د ټولو نه سیوا چې کوم دے گرفتارئ هغه د دې صوبې ایم این ایز چې کوم دی زمونږ گرفتار شوی وو، د دې ځائې نه دا ایوان ورته وائی چې فوری طور ته مستعفی شه، ته د دغه کرسئ لائق نه ئې، په تا کښې دغه صلاحیت چې کوم دے هغه نشته. ملگرو، سپیکر صاحب، زه چونکه دا ډسکشن چې کوم دے دا تیر یو څو ورځې اوشو او ډیرې خبرې چې کوم دے هغه مونږه دا وئیل دا به مونږه پټې کوؤ، دا به مونږ دې قوم ته چې کوم دے څه به ښکاره کوؤ، څه به پټې کړو خو اوس زمونږه مجبوری شوه چې مونږه جلسه کوؤ، زمونږه د مشرانو خلاف چې کوم دے ایف آئی آرې درج کیږی، نو زه سپیکر صاحب، زه د نو (9) مئی نه چې کوم دے شروع کومه چې په نو (9) مئی باندې کومه واقعه شوې ده، هغه دې ټول قوم ته مخامخ ده، چا چې کړې ده هغه دې ټول قوم ته ښکاره دی، چې په کوم کوم ځائې کښې، کوم ځائې کیمرې لگیدلې دی، هغه کیمرې چې کوم دی هغوی پخپله ماتې کړې دی، زه پخپله چې کوم دے په مردان کښې ووم، په مردان کښې ما Leading کولو، زما نورو ملگرو ما سره دلته ناست دی، هغوی به هم مونږ سره Leading کولو، ما خپله خپل ورکران پرامن احتجاج ته چې کوم دے، کالج چوک ته رااوښکلی وو، کالج چوک کښې ناست وو خو ځنې شرپسند هغې کښې راغلی وو، رادننه شوی وو، ما خپله زما ورکران چې کوم دے د آئی ایس آئی خلق ئې گهیر کړل، ما له ئې راوستل، ما ترې پستول هم واغستو او ما ترې موبائیل هم اغستې دے او بیا د هغه وخت ډی سی چې کوم وو، دا هغه له ما ورکړی دی. ما وئیل چې په دې خبره ته گواه ئې، چې کله دا خلق څه مینځه پورې اورسیدل، پخپله په چهتونو خلق ولاړ وو، هغوی داسې چغې وهلې چې راځئ دیخوا، د دې مقصد څه دے؟ دا څوک کوی؟ دا ولې کیدل، دا په څه وجه کیدل؟ دا دې ټول قوم ته چې کوم دے هغه ښکاره دی. جناب سپیکر صاحب، نو (9) مئی نه پس په پوره پاکستان کښې داسې یو عجیبه غوندې کار شوے وو چې په کوم ټی وی، په کوم چینل راکهلاؤیدو، کوم چینل به دې کتلو، په هغې کښې نو (9) مئی او نو (9) مئی، چې کوم ځائې کښې به چا خبره کوله نو (9) مئی او نو (9) مئ په MPO 3 کښې په 16 MPO کښې د ډی سی سره اختیار وو، لستونه جوړ شوی وو، د تحریک انصاف د کارکنانو لستونه جوړ شوی وو او چې کوم یو سړے به ئې گهیرولو، بس مخې سره په بال پن به ئې په MPO 3 کښې د هغه نوم لیکلو او جیل ته به ئې وردننه کولو. د افسوس، افسوس خبره دا ده چې ما د خپل قائد خپل لیډر دپاره به چې کوم دے په نو (9) مئی باندې چې کوم هغه گرفتار شوی وو هغه د هائی کورټ د احاطې نه گرفتار شو چې غیر قانونی گرفتار شو، چې غیرقانونی گرفتار شو د هغه غیر قانونی گرفتارئ خلاف مونږه

پر امن احتجاج به په پوره پاکستان کښې کوؤ۔ افسوس چې هغه احتجاج چې کوم د ے هغې له هغوی بل رنګ ورکړو او زمونږ په ډیرو ملګرو باندې، په ډیرو ملګرو باندې او په ډیرو زمونږ په ورکرانو باندې اوس په دې فورم کښې مونږ سره په دې ایوان کښې دلته ناست دی، ډیر پکښې زمونږه ایم پی ایز هم دی څه سابقه ایم پی ایز چې کوم دی، په هغوی باندې مختلف قسم دفعې، هغه ایف آئی آرز اوشول او افسوس دا د ے، زه په دې حیران یم چې په دې ایوان کښې، چې په دې ایوان کښې زما دا دریمTenure د ے ، آیا زه به د دې قوم، د دې صوبې او د دې قوم خبره به، د ټول پاکستان خبره به کوم او که نه زه به د پاکستان د غدارئ خبره کوم؟ چې دوئ زمونږه او زمونږ په ټول ورکرانو، د تحریک انصاف په ټولو ورکرانو په ATA 7 کښې پرچه کړې ده، پرچې کړې دی، تپوس کوم ATA 7 په کومو خلقو باندې لګی؟ ATA 7 په کومو خلقو لګی تپوس کومه د هغه ډی سی نه، د هغه ډی پی او نه تپوس کومه۔ افسوس دا د ے جناب سپیکر صاحب، په 13 اګست باندې زما پخپله حجره کښې پروګرام وو او ما د جشن آزادئ پروګرام کولو او زما په یو لاس کښې د تحریک انصاف جهنډا وه او په بل لاس کښې د پاکستان جهنډا وه او ما ریلی اوښکله، او څومره د شرم خبره ده چې د هغه ځائې چې کوم ډی پی او، ډی سی چې کوم وو، هغوی زمونږه خلاف، زمونږ د 120، نه د 122 کسانو خلاف هغوی مختلف دفعو کښې ایف آئی آر کړے وو، څومره د افسوس خبره ده، د پاکستان د آزادئ خبره مونږ نه شو کولے ، زما خپله حجره کښې پروګرام وو ځکه چې یو سائډ ته ما سره د پاکستان جهنډا او بل سائډ ته د تحریک انصاف جهنډا وه، د تحریک انصاف جهنډا چې کوم د ے هغه جرم د ے ، چې د تحریک انصاف جهنډا اوچتول جرم د ے او نن تاسو وینئی، نن تاسو اوګورئ ډی جی (آئی ایس پی آر) چې کوم د ے راځی، کهلې عام لګیا د ے چې زمونږه سیاست سره نور هیڅ قسمه واسطه نشته، صرف ډی جی صاحب ته وایم، ډی جی (آئی آیس پی آر) صاحب ته وایم چې زه خو نور هیڅ هم نه وایم خو نو (9) مئی کښې چې کله زه تاسو اشتهاری کړم، زما نور ملګری هم تاسو اشتهاری کړل، نو چې کله ما BBA اوکړه، د BBA نه پس راغلم مردان ته، نو اینټی کرپشن په ما باندې په ناجائز طریقه د اینټی کرپشن په یو اپوائنټمنټ، د کلاس فور په اپوائنټمنټ تاسو زما خلاف ایف آئی آر اوکړو او دغلته یو اے ډی وو، هغه اے ډی مونږ رااوغوښتلو، دوه زمونږه سابقه ایم پی ایز رااوغوښتلو او کښینولو ئې، او چې څنګه ئې کښینولو، په ما باندې د هغه مردان، ځکه چې دا اوس کهلاؤ خبرې کوؤ، د هغه مردان چې کوم میجر وو، هغه مونږ پسې راغے او مونږه ئې په څلورو ګاډو کښې په زبردستئ نوښار ته بوتلو، نوښار کښې ئې راباندې شپه اوکړه جناب سپیکر صاحب، د هغه ځائې چې کرنل بلوچ وو، زما په خیال مخکښې ډی ډی وو، بیا ئې ورته د ډائریکټر چارج ورکړے وو، هغه په مونږ باندې

دوه شپې اوکړې، زه ډی جی (آئی ایس پی آر) صاحب ته وایم چې آیا هغه کور چې کوم دے ، هغه زما غم خادی وه نوښار کښې چې ما باندې ئې دوه شپې کولې، هلته څه واده وو که څه غم شوے وو هلته؟ د هغې نه پس جناب سپیکر صاحب، زه ئې بوتلم، دلته ئې راوستم پیښور ته، او زما یو بل ملګرے ئې پیښور ته راوستلو او دلته چې د دوئ سیکټر کمانډر دے ، د هغه مخې ته ئې کښینولمه جناب سپیکر صاحب، چې کله ئې کښینولم نو ما ته وائی چې ته ریاست سره ځې، ته ریاست سره ځې او که نه د تحریک انصاف سره ځې؟ نو ما ورته اووئیل چې زه خو د تحریک انصاف سره ځم او د ریاست سره هم ځمه، وائی نه، یا به د تحریک انصاف سره ځې او چې تحریک انصاف سره ځې نو بیا به جیل ته ځې، چې څنګه ستا عمران خان مونږه جیل ته اچولے دے هم د غسې به ته هم چې کوم دے جیل ته ځې، (تالیاں) دغسې به ته هم جیل ته ځې، چې څنګه مونږ عمران خان اچولے دے داسې به ته هم جیل ته ځې، او وائی که ته جیل ته نه ځې نو بیا به ته پی کے سره ځې، او پی کے تاسو ټول پیژنئی چا تا ئې اووئیل، وئیل ته به پرویز خټک ته ځې۔ افسوس ډی جی (آئی ایس پی آر) صاحب! ستا سیکټر کمانډر چې دلته دوه شپې راباندې نوښار کښې اوکړې، دلته ئې چې راوستم او په زبردستئی باندې چې ما ته وائی چې ته پی کے له ځه، د دې مقصد څه دے ؟ وضاحت کول غواړو، د دې خبرې وضاحت کول غواړو چې کهل کر ښه ښکاره خبره کوؤ۔ د هغې نه پس سپیکر صاحب، زما په دې موبائیل کښې بلها خبرې ریکارډ دی، زما په دې موبائیل کښې بلها خبرې ریکارډ دی، طالبانو ما ته کالونه (Calls)شروع کړل چې ما کله آر پی او صاحب او ډی پی او صاحب ته اووئیل چې آر پی او صاحب او ډی پی او صاحب! ما پسې خلق کالونه (Calls)کوی، ما پسې خلق (Calls)کالونه کوی نو هغوی به په خندا شول، ما سره به ئې ګپ کښې اووئیل تا ته هم پته ده او ما ته هم پته ده چې دا (Calls)کالونه به د رپسې څوک کوی۔ جناب سپیکر صاحب، افسوس سره، ډیر افسوس سره دا خبره کومه چې دا ملک کوم طرف ته روان دے ؟ ډیر تباهئی طرف ته دا ملک روان دے او خدائے د نه کړی که د دوئ دا خیال وی چې عمران خان به د دې خلقو نه معافی اوغواړی نو ان شاء الله عمران خان ورته ښه ډټ کر ولاړ دے او د عمران خان سپاهیان هم ورسره ښه ډټ کر ولاړ دی، معافی به ترینه نه غواړی ان شاء الله که خیر وی خو دې خلقو ته وایم چې تاسو دا کوم ظلم او زیاتے چې کوئ، دا ملک مو چې کوم حد ته اورسولو، پخپله لاړ شئ هغه له او د هغه نه معافی اوغواړئ، ان شاء الله که خیر وی هغه به مو معاف کړی، دا ملک به یو ښه طرف ته روان شی ملګرو۔ جناب سپیکر صاحب، په زړه خو مې ډیر څه دی خو زما په خیال میجر صاحب، تاسو ته ما وختی هم اووئیل چې میجر صاحب هم خبرې کوی، نور ملګری هم خبرې کوی او زمونږ سبا نه بله ورځ ان شاء الله که خیر وی په لاهور کښې جلسه ده

او داسې بنکاری مونږ ته چې هلته هم دغسې کار مونږ سره کوی چې کوم ئې راسره اسلام آباد کښې کړے دے خو ان شاء اللّٰه دا ټول ټیم، د تحریک انصاف دا سپاهیان چې کوم دی، دا به ان شاء اللّٰه که خیر وی بنه ډېر کر مقابله کوؤ او ان شاء اللّٰه که خیر وی د دغه ګلو بټو مقابله به کوؤ او شکست به ورکوؤ او لاهور کښې که خیر وی یو عظیم الشان جلسه به کوؤ ان شاء اللّٰه که خیر وی۔ ډیره ډیره مهربانی۔

(تالیاں)

<u>جناب مسند نشین</u>: جناب منیر حسین لغمانی!

<u>جناب منیر حسین</u>: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیم۔ شکریہ جناب سپیکر۔ نو(9) مئی کے واقعہ اور پھر اسلام آباد کے جلسہ کے بعد جو ظلم کے پہاڑ ڈھائے گئے اور جو بے بنیاد مقدمات ہمارے ایم پی ایز ایم، این ایز اور کارکنان پر قائم کئے گئے، اس پر بڑی تفصیل سے بات ہوئی ہے لیکن وہ شاعر نے کہا تھا کہ:

ظالمو اپنی قسمت پہ نازاں نہ ہو
دور بدلے گا یہ وقت کی بات ہے
وہ یقیناً سنے گا صدائیں میری
کیا تمہارا خدا ہے ہمارا نہیں ہے

ہمارے جو اس وقت کے حکمران ہیں، جو اسٹیبلشمنٹ ہے کیونکہ حکمران تو ایک کٹھ پتلی ہیں، انہوں نے تو اشاروں پہ کام کرنا ہے لیکن انہیں یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ غالب نے کہا تھا کہ:

میں نے مجنوں پہ لڑکپن میں اسدؔ
سنگ اٹھایا تھا کہ سر یاد آیا

انہیں یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ یہ جو تلوار وہ آج پی ٹی آئی، عمران خان اور پی ٹی آئی کے کارکنوں کے لئے تیار کر رہے ہیں کل کو یہ تلوار ہو گی اور انہی کی گردن ہو گی، تو اس لئے کوئی بھی قدم اٹھانے سے پہلے سو بار سوچنا چاہیئے۔ میرے بھائی اپوزیشن لیڈر صاحب نے بڑی مدلل تقریر کی تھی لیکن میں ان سے گزارش کروں گا کہ ان کا اشارہ تھا کہ سب نے اپنے اپنے وقت میں غلطیاں کی ہیں۔ جناب! اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ غلطیاں سب سے ہوتی ہیں لیکن آپ اور آپ کی پارٹی آج جس غلطی کی مرتکب ہو رہی ہے، آج جو کچھ اس ملک میں ہو رہا ہے، یہ تاریخ لکھی جا رہی ہے، تاریخ لکھنے والا بڑا بے رحم ہے، وہ یقیناً یہ لکھے گا کہ اس ملک کی، اس ریاست کی تباہی میں سب سے زیادہ حصہ اس وقت کے جو ارباب اقتدار ہیں، سب سے زیادہ حصہ ان کا ہے۔ آپ ذرا سوچیں کہ کوئی ادارہ اس وقت اپنی حدود میں نہیں رہا، اسٹیبلشمنٹ اپنا کردار ادا کر رہی ہے، عدلیہ کے ساتھ جو کھلواڑ ہو رہا ہے، آج آئین میں جو ترمیم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، اگر یہ ترمیم آئین میں ہو جاتی ہے تو عدلیہ کا ادارہ اس ملک کے عوام ختم سمجھیں، عدلیہ کا کوئی کردار نہیں رہے گا سوائے اس کے کہ عدلیہ بھی کسی کے ہاتھ میں ایک ہتھیار ہو گی، مخالفین کو اور

اسٹیبلشمنٹ کے ان کارناموں کو Legal cover دینے کے لئے ایک ادارہ رہ جائے گا، تو بحیثیت ممبر پارلیمان، بحیثیت ممبر صوبائی اسمبلی آپ کا، میرا اور ہم سب کا یہ فرض بنتا ہے، اس ملک کے ہر شہری کا، بچے بچے کا یہ فرض بنتا ہے کہ وہ آئین جو خوش قسمتی سے متفقہ آئین تھا، گو کہ اس کے بعد بھی اس میں امنڈمنٹس ہوئیں، جتنے ڈکٹیٹرز تھے، ان کے جو کام تھے، انہوں نے جو غیر قانونی کام کئے تھے Validation Act(s) پاس کر کے انہیں Validate کیا گیا لیکن اس کے باوجود وہ آئین اٹھارہویں ترمیم کے بعد اس میں صوبوں کو حقوق ملے۔ عدلیہ میں ججز کی تقرری کے حوالے سے بھی کسی حد تک پیشرفت ہوئی لیکن آج اس ترمیم کے ذریعے اس آئین کا حلیہ بگاڑا جا رہا ہے، تو میری اپوزیشن سے، اپوزیشن لیڈر سے، آپ سب سے یہ گزارش ہو گی کہ آپ اس ایک نکتے پہ کہ اس آئین کا تحفظ ہم سب کی ذمہ داری ہے، آپ سب ہمارے لئے قابل احترام ہیں لیکن اس ایک نکتے پہ ہمیں متفق ہونا پڑے گا، پڑا تھا، پڑے گا۔ اور دوسری بات یہ ہے کہ اسلام آباد کے جلسے کے بعد جو ظلم و ستم ہوا، آپ نے اس کو، یہ ایک بہت اچھی روایت ہے کہ آپ نے اس کو Acknowledge کیا کہ یہ ظلم پارلیمنٹیرینز پہ نہیں ہونا چاہیئے، یہ ظلم اس ملک کے عوام پہ نہیں ہونا چاہیئے، آپ نے Acknowledge کیا جس کے لئے میں ذاتی طور پر آپ کی اس کاوش کو، آپ کی اس بات کو ایک بہت اچھی بات سمجھتا ہوں اور یہ بھی لکھا جائے گا، آپ کے لئے یہ بھی لکھا جائے گا کہ 'کے پی' اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر نے یہ کہا تھا کہ ان سیاسی کارکنان پہ اور جو ہمارے پارلیمنٹیرینز ہیں، دنیا میں کہیں نہیں ہوا کہ سپیکر کی اجازت کے بغیر کسی پارلیمنٹرین کو قومی اسمبلی یا پارلیمنٹ کے احاطہ سے گرفتار کر لیا جائے لیکن افسوس ہے، افسوس ہے کہ اس وقت کے جو حکمران ہیں، انہوں نے اپنے نام یہ تاریخ بھی رقم کرالی کہ پارلیمنٹ ہاؤس کے اندر سے پارلیمنٹیرینز کو گرفتار کر کے ان پہ بے بنیاد مقدمات قائم کر دیئے گئے۔ سپیکر صاحب نے کمیٹی بنائی، وہ بھی اچھا اقدام تھا، یہ الگ بحث ہے کہ ایک Sergeant-At-Arms کو چار ماہ کے لئے معطل کر دینے سے اس ظلم کا ازالہ ہو جائے گا، اس آئین کی خلاف ورزی کا ازالہ ہو جائے گا یا نہیں جو پارلیمنٹیرینز کو پارلیمنٹ کے احاطہ سے گرفتار کرنے کی وجہ سے اس ملک کے اس نظام کا ہوا ہے، جو بین الاقوامی ایک تاثر ہمارے ملک کے خلاف قائم ہوا، اس کا ازالہ ہو سکے گا یا نہیں؟ یہ الگ بحث ہے لیکن بہر حال وہ کمیٹیاں بنانے کی حد تک وہ اقدام اچھا ہے، ہم سپیکر صاحب سے امید رکھتے ہیں کہ اس کمیٹی کی رپورٹ کے بعد جو جو لوگ اس میں ملوث ہیں، ان کے خلاف کارروائی کی جائے گی اور قومی اسمبلی کے ممبران سے ہم یہ بھی امید رکھتے ہیں کہ یہ جو آئینی ترمیم ہے، جو مجوزہ آئینی ترمیم ہے، اس کی وہ مخالفت کریں گے اور اسے کسی صورت میں بھی منظور نہیں ہونے دیں گے، ہم سب نے اس کے لئے مل کر کام کرنا ہے۔ عمران خان، اس میں کوئی دوسری رائے نہیں ہے کہ عمران خان لوگ کہتے ہیں کہ ریاست سے غداری ہے، ریاست سے غداری نہیں ہے، اس نظام سے بغاوت ہے، اس نظام سے بغاوت ہے جو یہ ملک ایک ایکٹ کے تحت بنا تو دیا گیا، 1956 تک یہ ملک پارلیمنٹ کے ایک ایکٹ کی بناء پر چل رہا تھا، 1956 میں پہلا آئین دیا گیا، اس پارلیمنٹ ایکٹ کے تحت ایک الگ زمین کا ٹکڑا تو ہمیں دے دیا گیا لیکن نظام وہی ہم پہ مسلط رہا جو آج تک چھہتر (76) سال گزرنے کے باوجود آج تک ہم پہ وہ نظام مسلط ہے اور وہ نظام آپ بھی جانتے ہیں، میں بھی جانتا ہوں، جس نظام

میں دو دو قانون ہیں، غریب کے لئے اور ہے، امیر کے لئے اور ہے، جس میں دو نظام تعلیم ہیں، امیر کے لئے اور ہے غریب کے لئے اور ہے، جس میں صحت کی سہولیات غریب کے لئے اور ہیں امیر کے لئے اور ہیں، جس میں غریب کو روٹی کا نوالہ تک نہیں ملتا اور اشرافیہ کے لئے مراعات ہیں، عمران خان نے بغاوت کی اور اس نظام سے بغاوت کی، ہم سب کو اگر باغی کہا جائے تو ٹھیک ہو گا لیکن ہم باغی کسی ریاست کے نہیں ہیں، اس نظام کے باغی ہیں اور اس نظام کے باغی ہونے پر ہمیں فخر ہے۔ ہاں، اگر یہ بغاوت ہے تو ہم یہ بغاوت کرتے رہیں گے اور میں آپ سے، (تالیاں) آپ سے بھی میری یہ گزارش ہو گی کہ بغاوت کر لیں اس نظام سے، آج ہم اس نہج پہ پہنچ چکے ہیں کہ یہ نظام بدل کر رہنا ہے ان شاء اللہ، آپ سے بھی میری یہ گزارش ہو گی کہ آپ بھی اس نظام سے بغاوت کر لیں، اس نظام سے بغاوت ہم نے اپنی نسلوں کے لئے کرنی ہے، یہ بغاوت آپ کے اور میرے بچوں کے مستقبل کے لئے ہے کہ جس غلامی کے نظام میں آپ نے اور میں نے وقت گزارا ہے، ہمارے بچوں کو اس سے نجات ملنی چاہیئے۔ میں آپ سے یہ امید بھی کرتا ہوں اس تقریر کے تناظر میں کہ آپ یقیناً اس نظام سے بغاوت میں بھی ہمارے ساتھ ہوں گے، دعا بھی کریں، کوشش بھی کریں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اس نظام سے نجات دے۔ عمران خان بھی اگر آج جیل میں ہے، اس کا تو آپ کو بھی علم میں ہے، کوئی جائیداد نہیں، اس نے تو اپنی کسی چیز کی حفاظت نہیں کرنی ہے، وہ اگر جیل میں ہے تو اس ملک کے بچوں کے مستقبل کی جنگ لڑتے ہوئے اس وقت بے گناہ جیل میں ہے، ان شاء اللہ وہ وقت ضرور آئے گا کہ یہ نظام بھی بدلے گا، عمران خان کی رہائی بھی ہو گی، عمران خان کل بھی اس ملک کا وزیر اعظم تھا، آج بھی وہ ہی وزیر اعظم ہے ان شاء اللہ۔ عوام نے مینڈیٹ، پورے پاکستان کو دیکھ لیں، عوام کا مینڈیٹ پی ٹی آئی کے حق میں ہے اور ان شاء اللہ مستقبل میں بھی عمران خان ہی وزیر اعظم ہو گا۔ اللہ تعالیٰ ہمارا حامی و ناصر ہو، والسلام۔

<u>جناب مسند نشین</u>: شکریہ لغمانی صاحب، ایک وضاحت کر دوں کہ سپیکر قومی اسمبلی نے وضاحت کی ہے کہ اس سے کوئی اجازت نہیں لی گئی تھی، جو Arrest انہوں نے کئے تھے ہمارے پارلیمنٹیرینز کو، ان سے کوئی اجازت نہیں لی گئی، ان کے خلاف انہوں نے کمیٹی بھی بنائی ہے۔ مس شہلا بانو۔

<u>محترمہ شہلا بانو</u>: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ۔ شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، آج چوتھا دن ہے اور یہاں پر اسٹیبلشمنٹ کے خلاف، ایجنسیوں کے خلاف یہ جو ہو رہا ہے، جو گلے شکوے ہو رہے ہیں تو میں اس میں یہ بات کرنا چاہوں گی کہ ابھی کچھ ہی دنوں کی بات ہے، زیادہ پرانی نہیں ہوئی کہ جنرل فیض کو اثاثہ کہا گیا تھا کہ جنرل فیض ہمارا اثاثہ ہے۔ اس کے علاوہ جنرل باجوہ کو جمہوریت کا Champion کہا گیا تھا، تو مجھے یہ گلے شکوے میری سمجھ سے باہر ہیں اور یہ بھی اعتراف کیا گیا تھا کہ ہمارے جب بجٹ پاس ہوتے تھے، جب ہمارے اجلاس سینیٹ ہو یا نیشنل اسمبلی ہو، تو ایجنسیاں ہمارے کورم پورا کرتی تھیں، تو اس وقت تو وہ سب ٹھیک چل رہا تھا، ایک Page تھا، سارا کچھ ٹھیک تھا، پھر یہ کہ جناب سپیکر، کہ آپ شہیدوں کی یادگاروں کی بے حرمتی کریں، آپ لوگ فوجی تنصیبات پر حملے کریں تو پھر آپ یہ Expect نہ کریں کہ آپ کو Red carpet welcome کیا جائے گا، اس میں ردعمل آئے گا۔ اسٹیبلشمنٹ کے کردار پر ابھی آپ لوگ بول رہے ہیں تو کاش آپ لوگ کچھ عرصہ پہلے بھی بول لیتے، اس وقت آپ

کہتے تھے کہ جنرل باجوہ ہمارے پی ٹی آئی کے آئین کے ساتھ چل رہے ہیں، ہم ان کے ساتھ ایک Page پر ہیں، خوش ہیں، اگر آپ آواز اٹھاتے آر ٹی ایس بٹھانے پر، آپ آواز اٹھاتے اس وقت سیاست دانوں کی Victimization پر تو آج آپ کو یہ دن بھی نہ دیکھنا پڑتا، ہم اکٹھے مل کر سارے چلتے، سیاستدان ایک جگہ پہ ہوتے، آپ کہتے ہیں کہ جہاں پہ زیادتی ہو رہی ہے وہاں پہ آواز اٹھاتے۔ اس کے علاوہ جناب سپیکر، میں اپنے قومی ترانے کی بے حرمتی کے لئے ایک آواز اٹھانا چاہتی ہوں، سفارتی آداب یہ ہیں جناب سپیکر، کہ جو میزبان ملک ہوتا ہے تو اس کا جو کلچر ہوتا ہے، اس کا احترام کیا جاتا ہے، اس کے مطابق چلا جاتا ہے، ہمارے قومی ترانے پر نہ کھڑے ہو کر افغانستان قونصلیٹ کے اداروں نے جو بد تہذیبی کا مظاہرہ کیا، اس کو ہم Condemn کرتے ہیں، یہ صرف کسی ایک شخص کی Insult نہیں ہے پورے ملک کی Insult ہے، یہ Host country کی Insult ہے اور جو Host علی امین گنڈاپور صاحب ہمارے جو KP کے سی ایم ہیں، یہ ان کی بھی Insult تھی اور جو دیا گیا Excuse کہ اس میں میوزک ہے ہم کھڑے نہیں ہو سکتے، تو جناب سپیکر، پچھلے دو سال کے اندر امریکہ میں ایک ورلڈ کپ ہوا، اس میں افغان ٹیم گئی ہے، کرکٹ کی جو میچز ہوئی ہیں ہر میچ سے پہلے وہاں پہ ہر ملک کا ایک ترانہ بجایا جاتا ہے، میوزک ہوتا ہے تو وہاں پہ آرام سے کھڑے ہو کر سن لیا، نہ بیٹھے نہ نکلے اور نہ کوئی Protest کیا، تو وہاں پہ سن لیا۔ اس کے علاوہ پھر انڈیا میں بھی، انڈیا اور افغانستان کا میچ جو ہے، افغانستان انڈیا میں تھا، وہاں پہ انڈیا کا ترانہ بھی لگا تو وہاں پہ بھی کوئی Protest نہیں ہوا، اس کو بھی آرام سے سنا اٹھ کر، اسے مسئلہ صرف پاکستان کے ترانے سے ہوا، وہاں پہ آرام سے سب کچھ سن لیا لیکن مسئلہ پاکستان کے ترانے سے ہوا کہ پاکستان کے ترانے میں میوزک ہے اور اس میں جو علی امین گنڈاپور صاحب ہیں، ان سے میں یہ کہنا چاہوں گی کہ Foreign affairs آپ کا Domain نہیں ہے اور آپ کا نہ کوئی Foreign affairs کا کوئی ایسا تجربہ ہم نے دیکھا ہے کہ آپ Foreign affairs کو چلا سکیں، جو اس دن ہوا تو یہ آپ کا Failure ہے کہ جو دو لوگ بیٹھے ہیں، آپ کھڑے رہے، آپ نے Protest بھی نہیں کیا اور پھر اس کے بعد آپ نے افغان قونصلیٹ کے عہدیداروں کے ہی بیان کو دہرایا کہ وہ تو میوزک تھا، تو میوزک کی وجہ آپ کیوں ان کے ترجمان بن گئے کہ وہ میوزک تھا، میوزک کی وجہ سے نہیں اٹھے، آپ ان کا Track record دیکھیں، کہاں کہاں پر وہ کھڑے رہے ہیں، امریکہ اور یہ انڈیا ان کے ترانوں پہ تو کوئی انہوں نے احتجاج نہیں کیا، تو یہ صرف علی امین گنڈاپور صاحب ہمارے جو سی ایم ہیں، ان کی توہین نہیں ہوئی، ان کے سامنے وہ بیٹھے رہے، یہ پورے ملک کی توہین ہوئی ہے، یہ جو Image بھی آپ کا بہت برا گیا ہے Host country کا بھی، اور جو اس ٹائم پہ Host ہیں ان کا بھی Image برا گیا ہے۔ پاکستان نے چالیس سال تک افغانستان کو رہنے کے لئے پناہ دی، افغانستان کے لوگوں کو، افغانستان کے لوگوں کو Secured ماحول دیا، یہاں پہ انہوں نے بزنس کئے، یہاں پہ ان کی شادیاں ہوئیں تو تب اس وقت تک تو پھر پاکستان کا ترانہ ٹھیک تھا کہ جب پاکستان آپ کو Host کر رہا تھا، افغانستان ہمارے لئے قابل احترام ہے، ہمارے قابل احترام بھائی ہیں لیکن ہمارے اپنے ترانہ کی تذلیل ناقابل برداشت ہے ہم سے، یہ ہم برداشت نہیں کریں گے۔ غیر مہذب سفارتکاروں کو پاکستان سے پاک کیا جائے اور افغانستان کے ساتھ میری یہی اپنی Foreign

Ministry سے یہی درخواست ہوگی کہ آپ احتجاج کریں اور یہ بتائیں کہ جب پاکستان میں تعینات کریں تو تہذیب یافتہ لوگوں کو تعینات کریں، ایسے لوگوں کو تعینات نہ کریں جو کہ ہمارے ترانے کی تذلیل کریں، جو کہ سفارتی آداب کی بھی سنگین خلاف ورزی ہے۔ اس کے علاوہ یہ بھی تصدیق ایک ذاتی ذرائع سے ہوئی ہے کہ جو ہمارے جو ہیں اپنے محب اللہ شاکر صاحب جو افغانی قونصلیٹ کے ممبر ہیں تو ان کو 2015 میں UNHCR سے پاکستان نے ان کو کارڈ وغیرہ سارا جو تھا، دستاویزات جو ان کی ہیں، تو ان کو واپس افغانستان بھیجا گیا تھا اور PoR Card ان کو دے دیا گیا تھا جو کہ Expire ہو چکا ہے، PoR Card expire (Proof of Registration Card) ہو چکا ہے ان کا، یکم ستمبر سے اس سمیت جتنے بھی افغانستان کے لوگ جو یہاں پہ مقیم ہیں ان کے کارڈز Expired ہیں اور Foreign Ministry نے، وزارت داخلہ نے ابھی تک ان کو توسیع بھی نہیں دی، تو وہ وہ خود بیٹھ کر Expired card لے کر ہمارے ترانے پہ نہیں کھڑے ہو رہے، میوزک کے بہانے کر کے، تو جناب سپیکر، یہ میں Protest کرتی ہوں کہ یہ ہماری بہت تذلیل ہے، پوری قوم کی تذلیل ہے جو کہ ناقابل برداشت ہے۔ شکریہ جناب سپیکر۔

جناب مسند نشین: شکریہ شہلا بانو۔ مسز ثوبیہ شاہد صاحبہ، ایم پی اے۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: تھینک یو جناب سپیکر صاحب۔ سب سے پہلے تو ہم، ہماری پوری پارٹی، ہماری پوری قوم، پورا صوبہ جو ہے، یہ افغانستان کے جو سفیر تھے، وہ ہماری قومی ترانے پہ اٹھے نہیں ہیں، اس کی ہم پرزور مذمت کرتے ہیں۔ دوسری، جناب سپیکر صاحب، پی ٹی آئی کی سیاست جو ہے وہ کرسی کے لئے ہے اور جناب سپیکر صاحب، دوغلی پالیسیاں ہیں، نہ قوم کو سمجھ آ رہی ہے نہ ہمیں سمجھ آ رہی ہے کہ ہم ان کے کونسے بیانیے پہ یقین کریں، 2011 سے Start کریں 2013، پھر کنٹینر کے اوپر امپائر کی انگلی کو دیکھیں، پھر اس کے بعد عمران خان جب وزیر اعظم تھے، اس کے ساتھ جنرل فیض، باجوہ، اس کے بغیر وہ حکومت چلا ہی نہیں رہے تھے اور یہاں تک کہ طلاقیں بھی اسٹیبلشمنٹ کے اوپر ہوئیں اور یہاں تک کہ نکاح بھی اسٹیبلشمنٹ کے اوپر * + + کے ساتھ ہوا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، ہمارے بھائی ادھر ہر وقت کہتے ہیں فارم پینتالیس اور فارم سینتالیس لیکن جناب سپیکر صاحب، آپ لوگوں کا تو نکاح بھی فارم سینتالیس پہ ہے، اس قوم کے ساتھ، اس ملک کے ساتھ جو پی ٹی آئی نے کیا، تہذیب کے دائرے میں ہماری نسلوں کو، ایک ہی ہمارے پاکستان میں تھا کہ ہم ادب اور تہذیب سے کھڑے ہوتے تھے اور ایک دوسرے کی خاطر کر لیتے تھے لیکن ابھی جو بیان بازی ہوتی ہے، جو باتیں ہوتی ہیں، وہ جو ہمارے سیاستدان تھے، وہ پریشان ہو گئے ہیں کہ یہ پی ٹی آئی نے کونسی سیاست Start کی ہے؟ کبھی تو کہتے ہیں کہ اسٹیبلشمنٹ کے بغیر، فوجیوں کے بغیر، وہ جانور ہے اگر وہ سیاست نہ کرے، کوئی سیاست نہ کرے تو وہ جانور ہے، یہ آپ ہی لوگوں کا بیانیہ ہے، اگر

---

* بحکم جناب سپیکر حذف کئے گئے۔

پاک آرمی کے لئے آپ لوگوں نے یہ سپیچیز رکھی ہوئی ہیں تو جناب سپیکر صاحب، جب سیلاب آتے ہیں تو کتنی ہماری پولیس ہوتی ہے لیکن پھر بھی ہم آرمی کو Call کرتے ہیں کہ آ کر ہمیں بچا لیں، جب زلزلہ آتا ہے تو آرمی والے

آ جاتے ہیں ہمیں بچاتے ہیں، جناب سپیکر صاحب، ابھی بھی اگر ادھر یہ ساتھ میں کوئی بڑا مسئلہ ہو جاتا ہے تو ہمارا کوئی پولیس والا نہیں ہوگا، ہمارا کوئی قومی بندہ نہیں ہوگا، فوج کے بندے ہی آئیں گے اور وہی کھڑے ہوں گے اور وہی بچانے کے لئے حاضر ہوں گے۔ جناب سپیکر صاحب، Simple بتائیں، پی ٹی آئی والے یہ وقت، قوم کا بھی وقت ضائع نہ کریں، لوگوں کو بھی اس طرح نہ رکھیں کہ یہ جو سیاست کر رہے ہیں، یہ کرسی کے لئے کر رہے ہیں اور ہمیں وزیر اعظم کی کرسی دے دیں، یہ اسی کی سیاست ہے ورنہ اگر آپ لوگ یہ کہیں گے کہ ہم چوروں کے لئے، چور چور، سب سے زیادہ چوری تو آپ لوگوں کی حکومت میں ہوتی ہے اور کسی اور کو ہمیں کہنے کی ضرورت ہی نہیں پڑتی، خود ہی ایکدوسرے کے اوپر الزامات لگاتے ہو، خود ہی ایک کو ہٹاتے ہو دوسرے کو لے کر آتے ہو، یہ 2013 اور 2014 سے یہی آ رہا ہے، یہی آ رہا ہے 2013 سے 2014 سے کہ اس نے چوری کی، اس کو ہٹا لیا ہے، تو آپ اپنی پالیسی کو دیکھیں، اپنی پالیسی کو جناب سپیکر صاحب، دیکھیں کہ آپ لوگوں کی یہ دوغلی پالیسیاں کب تک ہوں گی؟ نو(9) مئی میں جو کردار پی ٹی آئی نے ادا کیا اور آپ لوگوں کی اگر ہم پشاور سے Start کریں، ریڈیو پاکستان سے Start کریں، صوابی سے Start کریں، کرنل شیر خان کے اس پہ Start کریں کہ ادھر کون گیا ہے؟ تو ہر جگہ آپ کو فوٹیج بلکہ پی ٹی آئی کے اپنے پیجوں پہ جو ہے ان کی تصویریں نظر آئیں گی، پھر یہ کہتے ہیں کہ ہم نے نہیں کیا، ہم وہ نہیں تھے کوئی اور گروہ تھا، کم سے کم وہ ریاست مدینہ کی جو باتیں کرتے تھے، سیاست، وہ ایماندار تو بن جاؤ ناں، اپنی باتوں پہ، جھوٹ تو نہ بولو، اپنی باتوں پہ تو کھڑے ہو جاؤ۔ جناب سپیکر صاحب، یہ جتنا بھی یہ ٹائم چار دن آپ لوگوں نے سپیچز کے لئے دیا ہے اور Next آپ کر رہے ہیں، آپ کے اپنے ساتھی آپ لوگوں کا ساتھ نہیں دے رہے ورنہ ان کی جو سپیچز ہیں وہ نکال کر دیکھ لیں، ڈائریکٹ بات کریں جس بات پہ بات کرنی ہے، ادھر سے ادھر نہ لپکیں، یہ جو ہے عوام سننے والے ہیں، ڈائریکٹ آپ لوگ بات کریں جس پہ بات کرنا چاہتے ہیں، آپ لوگوں کو جس کی شکایت ہے وہ بات کریں۔ سپیکر صاحب، عمران خان نے سائفر کا وہ لہرایا اس طرح اور کہا کہ ہمیں امریکہ ادھر سے نکال رہا ہے، ملک جو ہے، وزیر اعظم کی کرسی ہماری چھین رہا ہے، دوبارہ ابھی جو اتنا وہ سارے لوگ امریکہ کے خلاف نعرے بازی، یہ ابھی کانگریس سے ہی پی ٹی آئی کے لئے قرارداد منظور ہوتی ہے جناب سپیکر صاحب، یہ دوغلی پالیسی ختم کریں، ایک بات پہ کھڑے ہو جائیں کہ آپ لوگ کہاں کھڑے ہیں؟ آپ لوگ اسٹیبلشمنٹ کے ساتھی ہیں کہ نہیں، آپ لوگوں کو کون لے کر آیا ہے؟ اسٹیبلشمنٹ ہی لے کر آئی ہے، آرمی کے کندھوں پہ ہی آپ لوگ آئے ہیں، ان کے ہیلی کاپٹروں میں بیٹھ کر ہی آپ لوگوں کی چار سال حکومت چلی ہے، یہ آپ لوگوں کے ریکارڈ پہ ہے یہ کوئی جھوٹ نہیں ہے، اگر آپ ادھر سپیچ کر لیں اور ان کے خلاف بولیں تو پیچھے سب ریکارڈ موجود ہے، وہ دیکھ لیں کہ کس طریقے سے آپ لوگوں کی حکومتیں بنی تھیں، کس طرح ایک پیج پہ آپ لوگ اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ، امریکہ کے ساتھ اور یہ لیکن پھر بھی آپ لوگوں سے یہ حکومت نہیں چلی۔ اس صوبے کے حقوق کے لئے آپ لوگ لڑتے ہو کہ اس کے حقوق دیں، اس کے فنڈز دیں، اس کے پیسے دیں لیکن جب 2013 میں ادھر آپ کی حکومت آئی، 2018 میں عمران خان کی پی ٹی آئی کی حکومت قومی اسمبلی میں فیڈرل میں تھی اور ادھر پی ٹی آئی کی حکومت تھی، آپ لوگ کونسے فنڈز

لے کرے آئے ہو، اس صوبے کے لئے کیا کیا ہے؟ وہ ایک بی آر ٹی جو ابھی تک کمپلیٹ نہیں ہو سکا، ابھی تک اس کا ایک ہی صرف وہ چھبیس کلو میٹر روڈ بنا ہے، باقی اس کی جو مارکیٹیں ہیں جہاں اس کے Transact offices ہیں، وہ سب کچھ، کچھ بھی نہیں بنا، اور آٹھ ارب سے کہا تھا اسد عمر نے اور ایک کھرب آٹھ، بیس، ایک کھرب سے اوپر پہنچ چکا ہے لیکن ابھی بھی کام کمپلیٹ نہیں ہے اور نیب کے کیسز ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، آپ چور کس کو کہتے ہیں؟ آپ اگر اسلامی ریاست کے دعویدار ہیں، کانگریس آپ کے لئے قرارداد پاس کرتی ہے، جناب سپیکر صاحب، پہلے اپنے آپ کو Clear کریں کہ آپ لوگ کیا کرنا چاہتے ہیں؟ Simple کہیں، ڈیمانڈ کریں کہ ہمیں کرسی چاہیئے، کرسی بھی آپ کو ملی تھی، آپ لوگ اس کے اہل ہی نہیں تھے۔ آپ اس آرمی کا کہہ رہے ہیں لیکن اگر یہ آرمی نہیں ہو گی تو آپ لوگوں کے ساتھ، یہ ایٹم بم بھی ہمارے پاس ہے جو اسلامی ممالک میں ایک پاکستان کے ساتھ ایٹمی طاقت ہے، یہ بھی نہیں رہے گا، یہ بھی آپ لوگوں سے لوگ چھین کر لے جائیں گے، اس کے بھی اہل نہیں ہوں گے، اس کو بھی آپ لوگ بیچ دیں گے، باقی فنڈوں اور اور چیزوں کو آپ دیکھ لیں کہ آپ لوگوں نے 1947 سے لیکر 2013 تک جو قرضہ لیا تھا اس صوبے کے لئے، اس کے Triple آٹھ سو ارب ڈالر سے زیادہ آپ لوگوں نے لے لیا ہے، اتنا قرضہ اس کے Three fourth (3/4th) سے اوپر آپ لوگوں نے لیا ہے لیکن اس صوبے کے لئے آپ لوگوں نے کیا کیا ہے؟ جناب سپیکر صاحب، میرے خیال سے نہ اس قوم کا وقت ضائع کریں اور نہ صوبے کا وقت ضائع کریں اور نہ اپنے ووٹروں کو ٹرک کی بتی کے پیچھے نہ لگائیں۔ کبھی ایک وہ کہتے ہیں کہ اب یہ نعرہ ہے، پھر وہ نعرہ ختم ہو جاتا ہے، اب یہ نعرہ Start ہو جاتا ہے، پھر وہ دوسرا نعرہ لگانا Start کر دیتا ہے، پھر اسی نعرے کو آپ لوگ Accept کر لیتے ہو، اسی پہ وہ کام دوبارہ کر لیتے ہو، پھر کوئی اور نعرہ اپنے لئے Start کر لیتے ہو، جناب سپیکر صاحب، اسی طریقے سے یہ ملک نہیں چلے گا، آپ لوگ تو یہ صوبہ بھی نہیں چلا سکتے۔ یہ تیسرا Tenure ہے، اس کے بعد بھی آپ Deliver نہ کر سکے، ابھی بھی آپ لوگوں کی Good governance نہیں ہے، ابھی بھی آپ ڈھول باجوں کی بات کرتے ہو۔ آپ لوگوں کی اس بات پہ پوری قوم ہم سب اس پر شرمندہ ہیں جس طرح یہ باتیں ہیں لیکن میں گنڈا پور صاحب کو قصوروار نہیں ٹھہراتی کیونکہ ان کا لیڈر جو ہے، اس نے ایک نانی کے ساتھ کسی بھی وقت اٹھ کر شادی کی تھی تو وہ بھی یہ سوچ سکتا ہے، اس کو کسی کی عزت کا خیال نہیں ہے، تو یہ بول سکتے ہیں، ہر قسم سے بول سکتے ہیں، اپنی بہن بیٹیوں کا، اگر یہ اسی طریقے سے، ہمارے اسلام میں ہے جس طریقے سے کرو گے اس طریقے سے آپ کے ساتھ ہو گا، تو جس طرح سے یہ بول رہے ہیں کہ ہم لاہور جا رہے ہیں، ذرا جائیں تو ثناء اللہ صاحب آپ کا انتظار کر رہا ہے، ادھر پتہ نہیں پھر آپ لوگوں کے ساتھ کیا ہو گا؟ وہ بیٹھا ہوا ہے اوزار کے ساتھ، پھر آپ کے ساتھ کیا ہو گا، پھر آپ ادھر وہ دیکھ لیں گے، (قطع کلامی) آپ ہمت کر کے جائیں لاہور اور آ کر بھی بتائیں کہ پھر دیکھتے ہیں کہ کیا ہوتا ہے؟ جناب سپیکر صاحب، یہ اس طرح باتیں نہیں ہیں، یہ ملک ہے، ملک میں انتشار ڈالنا، کوئی مجھے کہے کہ یہ صوبے میں کوئی اس طرح آ کر زبردستی اس قسم سے، میں ایک ایم پی اے ہوں اپوزیشن کی، کسی کی

مجال نہیں ہے کہ ادھر اس صوبے میں قدم رکھے،   (قطع کلامی)   جو بھی لے کر جائیں، آپ جس طریقے سے جائیں لیکن اپنے اوزار چھوڑ کر آ جائیں گے آپ ادھر سے۔۔۔۔۔

(قہقہے اور تالیاں)

<u>جناب مسند نشین</u>: جی میڈم! Windup کر لیں۔

<u>محترمہ ثوبیہ شاہد</u>: آپ لوگ جس انداز سے سپیچز کرتے ہیں، جس طرح باتیں کرتے ہیں، یہ باتیں سب کو آتی ہیں اور اس سے بڑھ کر آپ لوگوں کو باتیں بھی ملیں گی اور ہم پریکٹیکل کام کرتے ہیں، ہمارے لیڈرز منہ پہ بات نہیں کرتے، وہ پریکٹیکل کام کرتے ہیں، جس طرح Last tenure میں سب کے ساتھ ہوا تو وہ شہباز گل جو کہہ رہا تھا کہ مجھے ننگا کیا تھا، میرے ساتھ یہ کیا تھا وہ کیا تھا، پھر وہ کوئی ہمیں ادھر آ کر گلہ نہ کرنا، میں نے کسی کو نہیں بچانا، (قہقہے)   کسی بھی ممبر کا ساتھ ہم نے نہیں دینا، پھر یہ گلہ نہیں کرنا، کسی نے کہ وہ شہباز گل جو ادھر امریکہ میں بیٹھ کر باتیں کرتا ہے ناں کہ ہمارے ساتھ یہ ہوا وہ ہوا، وہ رونا دھونا نہیں کسی نے، میں بالکل سب کی طرف سے بول رہی ہوں، میں بالکل اسٹیبلشمنٹ کی طرف سے بول رہی ہوں، میں بالکل پاکستان کی طرف سے بول رہی ہوں، میں بالکل مسلم لیگ کی طرف سے بول رہی ہوں،   (تالیاں)   جاؤ گے لیکن یہ وعدہ کر لینا کہ پھر گلہ ٹی وی پہ نہیں کرنا کسی نے، کہ ہمارے ساتھ یہ ہوا ہے، ہماری یہ بے عزتی پھر میں نہیں آؤں گی آپ لوگوں کی عزت کے بدلے کے لئے کہ میرے بھائی ہو تم لوگ۔۔۔۔۔

<u>جناب مسند نشین</u>: جی میڈم۔

<u>محترمہ ثوبیہ شاہد</u>: جناب سپیکر صاحب! آپ سب کو کہیں کہ قانون ہاتھ میں نہ لیں، یہ ملک ہمارا ہے، KP ہمارا ہے، پنجاب ہمارا ہے، اسلام آباد وفاقی حکومت ہماری ہے اور ہم نے اپنے حقوق کے لئے ان اسمبلیوں سے لڑنا ہے، ہم نے ادھر Legislation کرنی ہے، پندرہ سال ہوئے ہیں آپ لوگ جو Legislation کر رہے ہو، قسم خدا کی پندرہ سال سے، یہ بارہواں سال سے آپ لوگ ایک ایک بندے کے لئے Legislation کرتے ہو کہ اس کو کس طرح Compensate کیا جائے ان بندوں کو لگانے کے لئے اور اس پی آر ٹی کا بل پاس کرنے کے لئے آپ لوگوں نے Legislation کی ہے Last tenure میں، کسی کی ٹرانسفر کے لئے آپ لوگ Legislation کرتے ہو، Legislation یہ جو صوبہ ہے، اسمبلی کا یہ حال ہے اور یہ مجلس شوریٰ جو ہے، یہ جو ہم ہر حلقے سے یہ لوگ آئے ہوئے ہیں، یہ اس لئے آئے ہیں کہ جا کر بیس بیس سال کے لئے Legislation کریں، چاچا مامے کے لئے Legislation نہ کریں، دوست کے لئے Legislation نہ کریں، یہ بند کریں،   (تالیاں)   اپنے اپنے حلقوں کے مسائل اٹھائیں کہ آپ کے حلقوں میں کیا کیا مسائل ہیں، آپ کو کتنے سکول چاہئیں، آپ کو کتنے Playgrounds چاہئیں، آپ کو کتنے راستے، کہاں کہاں پہ آپ کو راستے کی ضرورت ہے، کہاں کہاں ایجوکیشن کی کمی ہے؟ اس کے لئے، ہمارے نصاب کے لئے کوئی Legislation کریں، ہماری خواتین کے لئے کریں، کوئی اور قانون سازی کریں، یہ کیا کر رہے ہیں؟۔۔۔۔۔

Mr. Chairman: Thank you, thank you Madam.

محترمہ ثوبیہ شاہد: یہ آپ لوگ، یہ اسمبلی میں چودہ پندرہ، بیس لاکھ روپے روزانہ خرچ ہوتے ہیں، وہ آکر وہی جو تھوکا ہوا ہے اس کو چاٹ رہے ہیں، جو یہ گیارہ سال آپ لوگوں نے جو باتیں کی ہیں کہ ہم ان کے کندھوں پہ آئے ہیں، جو بھی ہیں، جو بھی آپ لوگوں کو لے کر آیا ہے، اس مقام پہ آپ بیٹھے ہوئے ہیں، جس طریقے سے آپ لوگوں کے لئے Publicity کی گئی ہے، جس طرح آپ کو اس طرح Uplevel پہ لے کر آئے ہیں اور آج آپ کو بارہ سال سے یہ حکومت ملی ہوئی ہے، تو جناب سپیکر صاحب، اس کی قدر کریں اور یہ نہ کریں کہ اٹھ کر، ابھی اس پہ تھوکنا چھوڑ دیں۔ تھینک یو جناب سپیکر صاحب۔

Mr. Chairman: Thank you. Janab Aftab Sahib, Minster for Law.

جناب آفتاب عالم آفریدی (وزیر قانون و خزانہ): **نحْمَدُہ وَنُصَلِّیْ وَنُسَلِّمُ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الْشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ۔ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ۔** جناب سپیکر، شکریہ۔ جناب سپیکر! ایک ملک جو ہوتا ہے وہ مجموعہ ہوتا ہے، وہاں پہ بسنے والے لوگ اور ایک زمین کا ٹکڑا جسے Territory کہتے ہیں اور اس میں حکومت ہوتی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ وہ ریاست یا ملک جو ہوتا ہے وہ Sovereign ہوتا ہے، تو یہ چار چیزیں ایک ملک کے لئے بنیادی حیثیت رکھتی ہیں، تب جاکر کسی علاقے یا سسٹم کو ایک ملک کہا جاتا ہے۔ جناب سپیکر، پھر جو اس ملک میں ایک حکومت ہوتی ہے، اس حکومت میں جو جمہوری نظام ہوتا ہے، اس میں ایک Legislature ہوتا ہے جسے مقننہ بولا جاتا ہے، ایک ایگزیکٹیو برانچ جو ایڈمنسٹریشن ہوتی ہے اور جناب سپیکر، تیسرا اس کا جز جو ہوتا ہے وہ Judiciary ہوتی ہے اور وہ Independent judiciary جناب سپیکر، اس گورنمنٹ کے ایگزیکٹیو کے Under ایک منسٹری آتی ہے جسے کہتے ہیں ڈیفنس منسٹری، اس ڈیفنس منسٹری کا ایک ذیلی ادارہ ہوتا ہے جس کے Under Armed forces آتی ہیں جناب سپیکر، وہ Armed forces اپنے مخصوص طبقے کو اسٹیبلشمنٹ کہتی ہے، تو جناب سپیکر، ابھی بھی جس موصوفہ نے ذکر کیا، ان کے بقول اور عام فہم میں وہ اپنے آپ کو State کہتے ہیں، ریاست جبکہ جناب سپیکر، ریاست ہمارے آئین میں بہت Clearly defined ہے کہ ریاست یا State کسے کہا جائے گا؟ جناب سپیکر، آرٹیکل 7 اگر آپ دیکھ لیں، آرٹیکل 7 میں جناب سپیکر، "In this Part, unless the context otherwise requires, "the State" means the "[Majlis-e-Shoora (Parliament)], a Provincial یعنی، Federal Government" Government, a Provincial Assembly," یعنی اس میں وفاقی حکومت اور وفاقی جو مقننہ ہوتا ہے، صوبائی حکومت اور صوبائی مقننہ "a Provincial Assembly, and such local or other authorities in Pakistan as are by law empowered to impose any tax or cess." جناب سپیکر، یہ آرٹیکل 7 ہے ہمارے آئین کا، اس میں کہیں پہ State کی Definition armed forces یا کسی اور اسٹیبلشمنٹ جو اپنے آپ کو اسٹیبلشمنٹ یا اس ملک کا سیاہ اور سفید کا مالک کہتی ہے، کہیں پہ ذکر نہیں ہے۔ جناب سپیکر، اب آتے ہیں Sovereignty کی طرف، ریاست جو خود مختار ہوتی ہے، اسے ہی صحیح

معنوں میں ریاست کہا جاتا ہے۔ جناب سپیکر، خود مختاری ہمارے آئین کا جو Preamble ہے، جو شروع کے الفاظ ہیں، جو شروع کا پیراگراف ہے، اس میں بڑا واضح بیان ہے کہ:

"Whereas sovereignty over the entire Universe belongs to Almighty Allah alone, and the authority to be exercised by the people of Pakistan within the limits prescribed by Him is a sacred trust;

And whereas it is the will of the people of Pakistan to establish an order;

Wherein the State shall exercise its powers and authority through the chosen representatives of the people;"

جناب سپیکر، یہاں پہ اللہ کے بعد اختیار جو ہے اس ملک کا، وہ عوام کے پاس ہے اور عوام وہ اختیار اپنے ووٹ کے ذریعے اپنے منتخب نمائندوں کو دیتے ہیں، چاہے وہ صوبے میں ہوں، چاہے وفاق میں ہوں، تو جناب سپیکر، یہ بڑا واضح ہوا کہ فیصلوں کا اختیار صرف اور صرف منتخب نمائندگان کو ہوگا۔ جناب سپیکر، 9 اور 10 ستمبر کی رات اس ملک کی فیڈرل پارلیمنٹ پہ جو ایک مقدس جگہ ہے کیونکہ وہاں پہ عوام کی آواز بیٹھی ہوئی ہوتی ہے، وہاں سے اس ملک کی Sovereignty کا اختیار جن کے پاس ہے، وہ جرگہ بیٹھا ہوتا ہے جناب سپیکر، وہاں کی بجلی بند ہو جاتی ہے، وہاں پہ پچاس ساٹھ پولیس اور اس کے ساتھ سادہ کپڑوں میں ملبوس لوگ Raid کرتے ہیں جو Muffled faced ہوتے ہیں اور وہ ایک ایک ایم این اے کم از کم سات لاکھ سے لے کر تیرہ تیرہ لاکھ تک آبادی کو Represent کرتا ہے۔ جناب سپیکر، ان کو زدوکوب کرتے ہیں، ان کے ساتھ ہاتھا پائی کرتے ہیں اور ان کو وہاں سے اٹھا کر نامعلوم جگہ پہ لے جاتے ہیں۔ جناب سپیکر، تکلیف کیا تھی؟ بہن نے کہا کہ آپ رونا رو رہے ہیں، ہم رونا نہیں رو رہے بلکہ لوگوں کو اصل چہرہ دکھا رہے ہیں، جس طرح الحمد للہ میں بانگ دہل یہ بات کئی جگہوں پہ کہہ چکا ہوں کہ میں ان حالات میں خوش ہوں تاکہ وہ System expose ہو جائے اور الحمد للہ وہ System expose ہو چکا ہے جو کہ ستتر (77) سال سے ہمارے عوام کے ساتھ ایک ڈرامہ چل رہا ہے اختیار کے نام پہ، اداروں کے نام پہ، ان کی فلاح و بہبود کے نام پہ، اختیار کسی اور کے پاس آتا ہے اور استعمال کوئی اور کرتا ہے اور اختیار کی جگہ پہ بھی ان لوگوں کو ان لوگوں کی ضرورت ہے جو کہ ان کے اشاروں پہ چل سکیں۔ جناب سپیکر، مجھے افسوس ہے قومی اسمبلی کے سپیکر پہ، کہ انہوں نے کافی دن بعد رولنگ دی اور وضاحت پیش کی، حالانکہ ان کو فوراً React کرنا چاہیئے تھا جناب سپیکر، یہ حملہ پی ٹی آئی ایم این ایز پہ نہیں کیا گیا، بلکہ یہ حملہ اس ملک کے آئین پر، اس ملک کے جمہوری نظام پر اور اس ملک کے چوبیس کروڑ عوام کی آواز پہ کیا گیا جناب سپیکر، لیکن جناب سپیکر! ایک بات Clear ہے کہ میرا لیڈر ڈٹا ہے، پاکستان تحریک انصاف کی لیڈر شپ اور ورکرز ان شاء اللہ ڈٹے ہیں اور ہم ان کا مقابلہ کریں گے ان شاء اللہ، جس طرح اقوام متحدہ میں میرے لیڈر نے کہا تھا We will fight اور ان شاء اللہ ہم آخری گیند تک کھیلیں گے ان کے خلاف۔ (تالیاں) جناب سپیکر! عمران خان کے خلاف یہ پورا نظام پچھلے کم و بیش دو سال سے جو کھل کر لگا ہے، اس کی وجہ کیا ہے؟ اس کی وجہ یہ ہے جناب سپیکر، کہ پہلے اس ملک میں نظام جن کی ایماء پہ چل رہا تھا، جن کی خوشی کے لئے چل

رہا تھا، جن آقاؤں کے اشاروں پہ چل رہا تھا، وہ ہم سب کے سامنے ہیں، اس کی تفصیل میں جانے کی ضرورت نہیں ہے، اس ملک میں پہلے دن سے اس کے Founding father کے ساتھ کیا ہوا؟ ان کے ایمبولنس کو ہسپتال پہنچنے نہیں دیا گیا، لیاقت علی خان کے ساتھ کیا ہوا؟ SEATO, CENTO Sign کیا گیا (1953/54)53، 54 میں اور بجائے یہ کہ اپنے پڑوسیوں کے ساتھ بہتر تعلقات رکھتے، ہزاروں میل دور گوروں کو یہود و نصاریٰ اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ ان کے لیڈر کو، Freemasons کے لیڈر کو خوش کرنے کے لئے اسی ٹائم سے معاہدات کئے گئے، اپنے پڑوسیوں کو ناراض کیا گیا جناب سپیکر، پھر ہم دیکھتے ہیں کہ عمران خان Russia (روس) کا وزٹ رکھتا ہے اور وہ Russia کیوں جاتے ہیں کہ Covid گزرا ہوتا ہے، پوری دنیا میں مہنگائی کا ایک سیلاب آچکا ہوتا ہے، وہ دوسری بات ہے کہ میڈیا اور اپوزیشن کی طرف سے اس گناہ کا صرف اور صرف عمران خان قصوروار تھا اس ٹائم، حالانکہ وہ پوری دنیا میں مہنگائی آچکی تھی، Shipment رک چکی تھی ہے، Demand and Supply میں Gap آچکا تھا جناب سپیکر، جب خان صاحب Russia کا دورہ کرتے ہیں، Russia کا دورہ کیوں کرتے ہیں؟ اپنے عوام کی خاطر، اناج لینے، گندم لینے اور پٹرول اور ڈیزل فیول لینے، کیونکہ وہاں سے انہیں تیس فیصد کم کی Offer آئی تھی کہ آپ کے عوام کو ہم تیس فیصد کم قیمت پہ ہم یہ چیزیں دیں گے، تو جناب سپیکر! جب خان صاحب وہاں پہ جاتے ہیں، اچانک جنگ شروع ہو جاتی ہے یوکرین کی، اور دھمکی آجاتی ہے کہ نہیں جانا چاہیئے تھا، ہمارے آقاء ناراض ہو جاتے ہیں اور اس ملک میں بیٹھے ان کے ایجنٹس اچانک حرکت میں آجاتے ہیں۔ جناب سپیکر! پھر Sitting Prime Minister کی پالیسیز کے خلاف آپ کا جو چیف آف آرمی سٹاف ہوتا ہے، جنرل باجوہ صاحب، وہ کسی پروگرام میں آپ کے پرائم منسٹر کی پالیسی کے برخلاف امریکہ اور یورپ اور NATO Countries کو خوش کرنے کے لئے بیان بازی داغ دیتے ہیں اور Russian visit جو ہے اس کی نفی کر لیتے ہیں، تو جناب سپیکر! اس کے بعد کیا ہوتا ہے کہ سائفر آجاتا ہے جس کو یہ ایک چٹھی کہتے ہیں کہ چٹھی لہرائی گئی، جناب سپیکر، اور بیان آجاتے ہیں میڈیا میں کہ یہ تو Routine کی باتیں ہیں، یہ تو اس سے پہلے بھی کافی آچکی ہیں، تو جناب سپیکر! خان کی لیڈرشپ میں یہ ملک وہ ملک پھر نہیں رہا تھا لیکن افسوس ان کو سمجھ نہیں تھی۔ جناب سپیکر! خان کا گناہ یہ تھا کہ خان نے عالم کفر کے ساتھ آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر ان کو جو اس ملک میں شروع تھا کئی صدیوں سے، کئی دہائیوں سے کوئی کہ آپ کے Air bases ان کو دیئے گئے تھے، Drone attacks، 2018 سے پہلے چار سو Drown attacks اس ملک میں ہوئے تھے، اپنے لوگوں کو مارا گیا تھا، وہ باجوڑ کے اسی (80) بیاسی (82) بچے کسی کو یاد ہیں جو شہید کر دیئے گئے تھے، وہ اس ملک کے بچے نہیں تھے جناب سپیکر! اور اوپر سے شرم کا مقام ہے کہ یوسف رضا گیلانی جو اس وقت پرائم منسٹر تھے اور ان کی پوری لیڈرشپ جو تھی، وہ میڈیا پہ آتی تھی، ان کے Statements چلتے تھے اور بعد میں جب پتہ چلا تو وہ اپنے آقاؤں سے کہتے تھے کہ آپ Drone attack کریں اور ہم جو ہیں اس کی مذمت کرتے رہیں گے کیونکہ ہم نے ووٹ بھی لینا ہے عوام سے، جناب سپیکر! تو یہ حالات تھے آپ کے ملک میں۔ اب جناب سپیکر! Regime change کے لئے اڈہ لگ جاتا ہے، سندھ ہاؤس میں ایک منڈی لگ جاتی ہے، ایم این ایز کا ریٹ لگتا

ہے لیکن میں یہ سمجھتا ہوں جناب سپیکر، اس میں وہ کٹھ پتلی سیاستدان کم گناہگار ہیں لیکن آج جو اپنے آپ کو ریاست اور اسٹیبلشمنٹ کہتی ہیں، وہ ہزار پر سنٹ گناہگار ہیں کیونکہ سر! یہ سارا کھیل انہوں نے کھیلا تھا۔ (تالیاں)

جناب سپیکر! Floor crossing ہوتی ہے باوجود یہ کہ آئین کا آرٹیکل موجود ہے کہ Floor crossing کوئی نہیں کر سکتا، اگر Floor crossing کوئی کرے تو وہ De-seat ہو جائے گا، اس کے باوجود حکومت پہ عدم اعتماد آ جاتا ہے، جس بونڈے انداز سے راتوں کو عدالتیں لگ جاتی ہیں اور یہ سارا کھیل کھیلا جاتا ہے جناب سپیکر! پھر ایک نہ ختم ہونے والا سلسلہ ایف آئی آر ز کا آ جاتا ہے، توشہ خانہ اور توشہ خانہ نمبر ٹو، جو آج کل ٹرائل پہ لگا ہوا ہے جناب سپیکر! Number one اور Number two اسی توشہ خانہ سے بڑی بڑی گاڑیاں جن کی قانون میں کوئی گنجائش نہیں تھی، وہ لی گئیں، ان کا کوئی پوچھنے والا نہیں، لیکن ایک گھڑی جو کہ ان کا حق تھی کہ وہ لے سکتے ہیں اور بیچ بھی سکتے ہیں اور صرف اور صرف بنی گالا کے روڈ کے لئے وہ بیچی گئی کیونکہ وہ روڈ خان صاحب حکومت اور عوام کے خزانے سے نہیں بنانا چاہتے بلکہ وہ باہر سے اسی طریقے سے وہ بنانا چاہتے تھے کہ توشہ خانہ سے جو پیسے آئیں، اسی سے میں بناؤں گا اور اسی سے وہ بنا چکے ہیں جناب سپیکر! لیکن افسوس کی بات ہے کہ اس کا ایک جعلی ٹرائیل ہوتا ہے، ایک جج کو Hire کیا جاتا ہے اور راتوں رات جس طرح 107 کی ضمانت ہوتی ہے، وہ اسی طریقے سے پورا ٹرائیل چلایا جاتا ہے اور زمان پارک میں جو ظلم و ستم کے پہاڑ توڑے گئے، وہ تو کسی سے ڈھکے چھپے نہیں ہیں، اس کی تفصیل میں میں نہیں جانا چاہوں گا جناب سپیکر۔ نو (9) مئی جناب سپیکر، میں سمجھتا ہوں کہ چوبیس کروڑ عوام کے دلوں کی دھڑکن نہ صرف چوبیس کروڑ عوام کے دلوں کی دھڑکن بلکہ پونے دو ارب عالم اسلام امت مسلمہ کے دلوں کی دھڑکن، ہمارے محبوب لیڈر ان کو کالر سے (پکڑ کر) ہائی کورٹ کے احاطے میں کس بے عزتی کے ساتھ ان کے ساتھ جو سلوک کیا گیا، ان کے ساتھ جو بہیمانہ سلوک کیا گیا، میں سمجھتا ہوں اس کے خلاف تو پورا پاکستان نکلا تھا، پاکستان تحریک انصاف کے ورکرز کے علاوہ عام لوگ عام مسلمان نکلے تھے جناب سپیکر! لیکن اسی کو بہانہ بنا کر ایک ڈرامہ رچایا گیا، وہ جگہیں جہاں پہ پرندہ پر نہیں مار سکتا، وہاں پہ لوگ گھسائے گئے، اس حوالے سے جناب سپیکر! اسلام آباد اور باقی جگہیں چھوڑیں جو یہاں پہ ابھی بھی مجسموں کی بات کی گئی، اسلام میں کسی مجسمے کی اجازت نہیں ہے اور ہم اس کی پرزور مذمت کرتے ہیں اور نہ ہم کسی مجسموں کو مانتے ہیں، ہم اگر مانتے ہیں لا الا اللہ محمد رسول اللہ کو مانتے ہیں اور اپنی لیڈرشپ اور اپنی ریاست کو مانتے ہیں۔ جناب سپیکر! ہمارے ضلع میں ڈسٹرکٹ کوہاٹ میں جو کیا گیا، میں اس کی چھوٹی سی داستان سنانا چاہوں گا۔ اسی Protest میں ہم بھی موجود تھے، وہ ایک پرامن Protest تھا لیکن اس میں میرا آنکھوں دیکھا حال اور میرے باقی ورکرز کا آنکھوں دیکھا حال کہ وہاں پہ لوگ گھسائے جاتے ہیں، وہ ہمارے ورکرز کو اشتعال دیتے ہیں لیکن اس کے باجود الحمد للہ ہم ان کو کنٹرول کر لیتے ہیں اور اشتعال انگیز قسم کا کوئی واقعہ نہیں ہوتا لیکن میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں اور میں یہ اس اسمبلی کے سامنے، پورے خیبر پختونخوا کے عوام کے سامنے یہ سوال رکھنا چاہتا ہوں کہ اس دن Purple shirt کا جو کہ ایک لڑکا تھا جو میں سمجھتا ہوں کہ وہ آئی ایس آئی کا ایجنٹ تھا، IW کا ایجنٹ تھا، وہ وہاں پہ آیا تھا جو میرے ملک کے خلاف، آرمی کے خلاف نازیبا نعرے لگا رہا تھا، لوگوں کو

اشتعال دے رہا تھا، جناب سپیکر، جب اس کی سوشل میڈیا پہ ویڈیوز آ جاتی ہیں تو نا معلوم لوگوں کی طرف سے ان سوشل میڈیا کے لوگوں کے اکاؤنٹس کو فون جاتے ہیں کہ اس کو فوراً Delete کیا جائے اور تمام اکاؤنٹس سے وہ Videos delete ہو جاتی ہیں، جو اس کے ایجنٹس کے تھے اور جناب سپیکر، ایک Social media freelancer کو میں جانتا ہوں کہ جس نے وہ وڈیو لگائی تھی اور اس کے باقاعدہ آفس میں وہ ایجنسیوں کے لوگ گئے اور اس کو دھمکی دے کر ان سے Video delete کروائی گئی، تو جناب سپیکر، اس کے بعد اس بندے کا کوئی اتہ پتہ نہیں، وہ نہ کوہاٹ کا تھا، وہ پنجاب کے کسی علاقے سے تھا۔ میرے خیال میں جناب سپیکر، نو(9) مئی کے بعد حالانکہ ہمارا کردار کسی سے ڈھکا چھپا نہیں تھا، وہاں پہ اشتعال دلانے کے باوجود ہم نے پورے لوگوں کو کنٹرول کیا، اپنا جو ہمارا آئینی حق تھا، ہم نے Protest record کیا لیکن جناب سپیکر، کیا ہوتا ہے کہ راتوں کو ہمارے گھروں پہ Raid ہو جاتا ہے اور پولیس اور ان کے ساتھ نقاب پوش سفید کپڑوں میں لوگ ہوتے ہیں اور ہمیں گھروں سے اٹھایا جاتا ہے اور ہمیں راتوں رات بنوں جیل 3 MPO میں بھیجا جاتا ہے جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، اس Protest میں، چونکہ وہ Protest ہمارا دس(10) مئی کو بھی تھا، دس (10) مئی کو میرے دو ورکرز کو شہید کیا گیا اور بعد میں بھی وہ موقع ہم نے دیکھا، چونکہ ان کی سائڈ پہ کمرشل دکانیں ہیں تو وہاں پہ جہاں ہم نے اپنے طریقے سے Investigate کیا اپنے دوستوں سے، تو جناب سپیکر، میں آج یہ Confess کرتا ہوں کہ وہ Fire پولیس نے نہیں مارا تھی، وہ Fire جس Angle سے لگی تھی، وہ Height سے لگی تھی، ایک بلڈنگ سے لگی تھی اور ان کو خواہ مخواہ ان لوگوں نے مارا تھا، ان لوگوں نے ہمارے ورکرز کو شہید کیا تھا اور پانچ بندوں کو Disable کیا تھا جو کہ آج بھی چلنے پھرنے کے لائق نہیں ہیں جناب سپیکر، ان کو نا معلوم لوگوں نے مارا تھا۔ جناب سپیکر، اس کے بعد عدالتوں کا، کیسوں کا، ایف آئی آروں کا ایک نہ ختم ہونے والا سلسلہ لگ جاتا ہے، میرے ورکرز شہید ہو جاتے ہیں، ایف آئی آر ہم پہ ہوتی ہے جناب سپیکر، ایک ایک موقع پہ آٹھ آٹھ، سات سات ایف آئی آرز کاٹی جاتی ہیں جناب سپیکر، بدقسمتی سے وہ جو شہید کیے گئے، نہ صرف کوہاٹ کے بلکہ مکمل پاکستان میں جہاں پر بھی ہمارے ورکرز شہید ہوئے ہیں بشمول پشاور کے، آج تک ان کی ایف آئی آرز نہیں کاٹی گئیں، ان کو ایف آئی آر کاٹنے کا حق بھی نہیں دیا گیا، بلکہ الٹا ان کی خلاف ایف آئی آر ہماری پی ٹی آئی کی لیڈرشپ پہ کاٹی گئی۔ جناب سپیکر، بنوں جیل میں ہمارے ساتھ جو سلوک کیا گیا، اس کی تفصیل میں میں نہیں جانا چاہوں گا لیکن وہاں پہ بندے آ جاتے ہیں IW کے، وہ ہمارا ڈیٹا لکھتے ہیں کہ آپ کے کتنے بھائی ہیں، آپ کے کتنے بچے ہیں، آپ کی کتنی بہنیں ہیں؟ تمام Data collect کرنے کے بعد ہمیں کہتے ہیں، آپ اس طرح کر لو پی ٹی آئی اور خان صاحب چھوڑ دو تو آپ لوگوں کی ایف آئی آرز یہ ساری چیزیں ختم ہو جائیں گی، آپ لوگوں کے گناہ معاف ہو جائیں گے اور آرام سے اپنے گھر میں بیٹھ جاؤ اور جب موقع آیا تو آپ لوگوں کو دوسرے طریقے سے ہم Elect بھی کر سکتے ہیں اور منسٹریاں بھی دے سکتے ہیں۔ تو جناب سپیکر! ہم نے الحمد للہ، مجھ سمیت میرے ساتھ جتنے بھی لوگ تھے، ہم نے بنوں جیل میں ان کو کہا کہ پاکستان تحریک انصاف ہماری پہلی پارٹی تھی اور ان شاء اللہ جو آخری پارٹی ہماری ہو گی وہ بھی پاکستان تحریک انصاف ہی ہو گی۔ (تالیاں) جناب

سپیکر، اسی دوران ہماری MPO 3 میں جب ہائی کورٹ سے ضمانت ہو جاتی ہے تو یکے بعد دیگر ہمیں کوہاٹ جیل میں لایا جاتا ہے، ایک ایف آئی آر میں کچھ دن بعد ضمانت ہوتی ہے تو دوسری ایف آئی آر میں ہمیں Arrest کیا جاتا ہے، اسی جیل کے گیٹ سے بار بار ہمیں وہ چکریں دی گئیں جناب سپیکر، لیکن کرتے کراتے کچھ مہینوں کی قید کے بعد ہماری ضمانتیں ہوئیں، ہم شکریہ ادا کرتے ہیں باوجود کہ کافی چیزوں سے اختلاف ضرور ہوگا لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس فسطایت کے دور میں KP کی جوڈیشری نے جو کردار ادا کیا وہ لائق تحسین ہے، ہمارا ایک ہی سہارا تھا، وہ جوڈیشری تھا، اگر KP میں Independent Judiciary نہ ہوتی تو شاید جناب سپیکر، آج اسمبلی میں اب تو چند فارم سینتالیس والے ہوں گے، میں یہ سمجھتا ہوں کہ پھر 90 percent فارم سینتالیس والے یہاں پہ بیٹھے ہوتے۔ جناب سپیکر، اس کے بعد اغواء کا ایک نہ ختم ہونے والا سلسلہ جاری رہتا ہے، مجھے الیکشن کے نزدیک دنوں میں ہائی کورٹ کے گیٹ سے اٹھایا جاتا ہے جس پہ ججز ایکشن لیتے ہیں، جس پہ ہماری وکلاء برادری Protest کرتی ہے تو مجھے چوبیس گھنٹوں میں دوبارہ برآمد کیا جاتا ہے جناب سپیکر، اس میں بھی مجھے ایک نامعلوم، آنکھوں پہ پٹی باندھ کر پولیس نے ان نامعلوم لوگوں کے حوالے کیا جو مجھے نامعلوم تہہ خانوں میں لے کر گئے، وہاں پہ جو ہوا میں تفصیل میں نہیں جانا چاہوں گا لیکن جناب سپیکر، وہاں پہ مختلف طریقوں سے Torture کیا گیا، آپ کے بچے وہاں پڑھتے ہیں، فلاں جگہ پڑھتے ہیں، ان کو اٹھایا جائے گا، ان کو مارا جائے گا، یہ کیا جائے گا، یہ کاروبار بند کیا جائے گا، یہ کیا جائے گا، تو جناب سپیکر، الحمد للہ اللہ نے عزت رکھی، وکلاء اور ایک بار پھر پشاور ہائی کورٹ کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ ان کی بدولت ہماری رہائی ممکن ہوئی۔ اس کے ساتھ ساتھ جناب سپیکر، الیکشن کے دوران Nomination papers جمع کرتے ہوئے میرے لوگوں کو اغواء کیا گیا جن میں ایک وکیل بھی تھا خوش قسمتی سے، پھر ہماری بار ایسوی ایشن بازار بند کر کے Protest پہ بھی نکلی تو اس کے بعد میرے بندوں کو رہا کیا گیا، یہ تو میں شکر گزار ہوں اللہ کا کہ Nomination papers میں ایک دو دن کی Extension ہوئی جناب سپیکر، اگر وہ Extension نہ ہوتی تو ہمارے Nomination papers بھی جمع نہ ہوتے۔ جناب سپیکر، اس کے ساتھ الیکشن کی Campaign کا ویسے بھی بیڑا غرق تھا لیکن الحمد للہ عوام نے ہمارا ساتھ دیا لیکن یہ بڑا ضروری ہے، یہ آپ کے Knowledge میں لانا چاہتا ہوں کہ الیکشن کے دوران، الیکشن کے بالکل عین پانچ دس ہفتہ پہلے، دس دن پہلے وقفے وقفے سے میرے حلقے کے بلکہ میرے پورے ضلع کے جو ہمارے پاکستان تحریک انصاف کے Leading workers تھے جن میں میرا تحصیل چیئرمین جو کہ سابقہ طور پہ وہ تین بار MPO 3 میں بنوں جیل کاٹ چکا تھا، اس کی ضمانت ہو چکی تھی، پچیس تیس ایف آئی آروں میں اس کی ضمانت ہو چکی تھی، اس کے باوجود میرے تحصیل میئر کو اٹھایا جاتا ہے، ساجد اقبال کو، اس کو آئی ایس آئی کا جو وہاں پہ Safe House ہے، Facility ہے، اس کے تہہ خانے میں رکھا جاتا ہے، چارپائی چھ (4x6) سیل میں اس کو رکھا جاتا ہے اور اس کے ساتھ جناب سپیکر، میرے باقی ویلج کونسلز اور یونین کونسلز کے صدور اور ویلج کونسلز کے چیئرمین جن میں شوکت خان، صابر عزیز، نبی خان اور ان کے ساتھ ساتھ نعیم کوہاٹی جو ہمارے Leading workers تھے، یہ جو ہمیں پوری یونین کونسل اور دو دو یونین کونسلز سنبھالا

کرتے تھے، ان کو اٹھایا جاتا ہے، ان کو آئی ایس آئی کی Facilities میں رکھا جاتا ہے، ان کو چار بائی چھ (4x6) کمروں میں رکھا جاتا ہے، ان کو مارا پیٹا جاتا ہے جناب سپیکر، ان کو اتنا زد و کوب کیا جاتا ہے اور پھر 8 فروری کے بعد الیکشن کے بعد ان کی رہائی ہوتی ہے لیکن میں یہ کہتا ہوں جناب سپیکر، کہ ان کے ساتھ جو زیادتیاں کی گئیں، ان کو جو Mental اور Physical torture دیا گیا، میں یہ دعوے سے کہتا ہوں جناب سپیکر، کہ وہ آج بھی ان کے پیٹھ میں درد ہے، مختلف ڈاکٹروں سے وہ علاج کراتے ہیں لیکن وہ اپنی اس Condition میں نہیں آرہے ہوتے ہیں جناب سپیکر، اس کے ساتھ ساتھ Election day کا احوال میں سنانا چاہوں گا، یہ بڑا Interesting ہے جناب سپیکر، Election day پہ ان کا جو ارادہ تھا، وہ یہ تھا کہ ان کو ہم نے اتنا Torture کیا ہوا ہے، اتنا ڈرایا ہوا ہے کہ یہ کنٹرول روم نہیں آپائیں گے لیکن جناب سپیکر، جب ریزلٹ آجاتا ہے، جب فارم پینتالیس کے ریزلٹس ہمیں آنا شروع ہو جاتے ہیں۔۔۔۔۔

(مغرب کی اذان)

<u>جناب مسند نشین</u>: نماز کا وقفہ کر لیں گے۔

<u>وزیر قانون و خزانہ</u>: جناب سپیکر! یہ مکمل کر لیتا ہوں تھوڑا سا رہتا ہے، ان شاء اللہ پھر وقفہ کر لیتے ہیں

<u>جناب مسند نشین</u>: اجازت ہے۔

<u>وزیر قانون و خزانہ</u>: جناب سپیکر! الیکشن کے دن جب ہم کنٹرول روم پہنچتے ہیں، وہاں پہ جناب سپیکر، کچھ ٹائم تو سلسلہ صحیح چل رہا ہوتا ہے اور ڈرامہ انہوں نے کیا کیا ہوتا ہے کہ ہمیں سکرینیں جو ہیں وہ بلڈنگ کی دوسری سائڈ پہ لگائی ہوتی ہیں اور جو کنٹرول روم ہے، وہ انہوں نے دوسری سائڈ پہ بلڈنگ کی بنایا ہوتا ہے، تو جناب سپیکر! کچھ ریزلٹیں تو، ہم رات کو دو تین چار بجے تک بیٹھے رہے حالانکہ اسی دوران ہمارے ٹوٹل ایک سو ستر (170) پولنگ اسٹیشن میں پچاس ساٹھ کے ریزلٹس آئے ہوتے ہیں لیکن جناب سپیکر! پھر اچانک Punching شروع ہو جاتی ہے، وہ پولنگ اسٹیشنز جو فارم پینتالیس میں جن کے ریزلٹس ہمارے حق میں ہوتے ہیں، ہم نے بھاری اکثریت سے جیتی ہوتی ہیں، ہمارے ہاتھ میں ہوتے ہیں لیکن اچانک ہمارے مخالفین کو، فرض کیا ایک پولنگ اسٹیشن میں اکیس سو (2100) ووٹ ہیں تو انیس سو تیس (1930) میرے مخالف کے ہوتے ہیں اور تیس میرے ہوتے ہیں، حالانکہ یہ جناب سپیکر، Ninety seven percent turnout ہو گیا، Ninety seven percent turnout امریکہ میں بھی نہیں ہے، یورپ کے کسی ملک میں بھی نہیں ہے۔ جناب سپیکر! ہمیں جب پتہ چلتا ہے تو آگے سے پریذائڈنگ میں ہمارے بھی یار دوست ہوتے ہیں، وہ ہمیں انفارمیشن دیتے ہیں کہ اندر کھیل شروع ہے، جو پریزائڈنگ (آفیسر) آتا ہے، یہ ان کو ریزلٹ سمیت ہاتھ سے پکڑتے ہیں اور ایک سپیشل کمرہ انہوں نے بنایا ہوا ہے سائڈ پہ، وہاں پہ یہ لے جاتے ہیں، وہاں پہ فارم پینتالیس کو Tamper کر کے آگے ان کے ساتھ جا کر تو کمپیوٹر والا جو سیکشن ہوتا ہے، اس میں Feed کر لیتے ہیں، اس میں Punch کر لیتے ہیں، تو جناب سپیکر! میرے ساتھ میرے باقی دوست بھی تھے، جب ہم وہاں پہ جاتے ہیں حالانکہ ہمارے پاس موبائلیں نہیں تھیں، موبائل میں ہمارا

چارج بھی ختم ہوتا ہے، Off ہوتا ہے لیکن میں ان کو ڈرانے کی خاطر میں ان کو کہہ دیتا ہوں، جب میں اندر گیا تو وہاں پہ وہ RAW والے موجود ہوتے ہیں جن کی ملاقات ہمارے ساتھ بنوں جیل میں اور مختلف جگہوں پہ ہوتی ہے، تو جناب سپیکر! الحمد للہ اسی دوران میرے ذہن میں ایک ترکیب آتی ہے، میں ان کو ویسے ہی کہہ دیتا ہوں کہ میں نے آپ لوگوں کی ویڈیو ساری بنالی ہے، ابھی آپ کرلیں جو آپ کرنا چاہتے ہیں، تو وہ جناب سپیکر! یکدم بھاگ جاتے ہیں، جب وہ بھاگ جاتے ہیں تو پھر گزارا ہو جاتا ہے، لیکن صبح نو دس بجے تک ہمارے ریزلٹس پھر سٹاپ ہو جاتے ہیں، حالانکہ وہاں پہ سارے پریذائڈنگ، اسسٹنٹ پریذائڈنگ، ڈپٹی پریذائڈنگ سارے موجود ہوتے ہیں۔ جناب سپیکر! اسی دوران صبح سویرے چونکہ میں ضلع صدر بھی ہوں تو دوستوں سے مشورہ کر کے ہم نے جب Protest کی Call دی، الحمد للہ میں شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں اپنے ورکرز کا کہ اگر اس دن میرے ورکرز صبح نو بجے سے لے کر شام چھ بجے تک 9 فروری کو نہ نکلتے، پندرہ بیس ہزار سے لے کر اس کنٹرول روم کو نہ کنٹرول کرتے، اس کے ارد گرد کھڑے ہو کر Protest نہ کرتے تو جناب سپیکر! آج کوہاٹ کی ایک ایم این اے کی سیٹ اور تین ایم پی ایز کی سیٹیں جو ہیں وہ فارم سینتالیس پہ کسی اور کی ہوتیں۔ جناب سپیکر! اس کے ساتھ میری ان باتوں سے لوگوں کو لگتا ہوگا یہ تو پاک آرمی کا بڑا اخلاف ہوگا، میں یہ سمجھتا ہوں کہ جو ہماری Geo-strategic location ہے، ہماری آرمی کو اس سے زیادہ Strong ہونا چاہیئے، جو بجٹ پہ تنقیدیں ہوتی ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ اس سے دس گنا زیادہ ہونی چاہئیں لیکن جناب سپیکر! جو Role آرمی کو یا اسٹیبلشمنٹ کو Assigned ہے، اگر اسی Domain میں رہیں تب جناب سپیکر! ہر محکمے میں ان کا کام ہوتا ہے، سیاسی نظام کو انہوں نے درہم برہم کیا ہوا ہے، آپ جناب سپیکر! دیکھ لیں، ٹھیکیداری میں ان کا Role، جناب سپیکر! رئیل اسٹیٹ کے کاروبار ان کے، پولٹری ڈیری سے لے کر جناب سپیکر، سیمنٹ انڈسٹری تک جناب سپیکر! اور اس سے بڑی بات کہ جتنے ان کے یہ پچاس سے اوپر کے بزنسز ہیں، یہ ایک آدھ کو چھوڑ کر تقریباً تمام Charitable organizations ہیں جو کہ اربوں میں Tax evasion کرتی ہیں۔ جناب سپیکر! اگر ہمارا ایک ادارہ اور ان سے منسلک کاروبار اگر وہ ٹیکس نہیں دیں گے، وہ Charitable organization کی آڑ میں Tax evasion کریں گے، ٹیکس کو Avoid کریں گے تو پھر میرے دکاندار کا کیا قصور ہے، اس کو میں کس طرح قائل کروں گا کہ اس ملک کو چلانے کے لئے ٹیکس کی ضرورت ہوتی ہے، اس صوبے کو چلانے کے لئے ٹیکس کی ضرورت ہوتی ہے؟ تو جناب سپیکر! یہ طریقہ ٹھیک نہیں ہے۔ (تالیاں) جناب سپیکر، ان چیزوں سے ہمیں اختلاف ہے۔ جناب سپیکر! آپریشنز ہوتے ہیں، امن وامان آجاتے ہیں، علاقے کلیئر ہو جاتے ہیں، ڈالرز کمائے جاتے ہیں لیکن ایک عرصہ بعد پھر آپریشن کی ضرورت ہے، او بھئی! بارڈر کس کے کنٹرول میں ہے؟ بارڈر تو KP police کے کنٹرول میں نہیں ہے، کیوں آپ ہمیں جینے نہیں دے رہے ہیں؟ کیوں ہمیں قربانی کا بکرا بنایا ہوا ہے پچھلے چالیس پچاس سال سے؟ ہمارے قبائل کو آپ لوگوں نے بے عزت کیا، ان کو بے سرو سامانی میں ان کو، اور آپ دیتے ہیں ان کو چار لاکھ Compensation جس میں ایک باتھ روم بھی نہیں بن سکتا جناب سپیکر، ان پہ احسان بھی جتاتے ہیں اوپر سے، آج فیڈرل میں بیٹھے ہوئے ہمیں اپنے Merged Districts

کا حصہ بھی نہیں دے رہے، صوبے کا تو ویسے بھی نہیں دے رہے ہیں، ہمیں Merged Districts کا حصہ بھی نہیں دے رہے ہیں جناب سپیکر۔ تو جناب سپیکر! پھر کہا جاتا ہے کہ ہمارا تو سیاست سے کوئی تعلق نہیں اور ایک مخصوص طبقہ جو ڈیجیٹل دہشتگردی کر رہا ہے، ڈیجیٹل دہشتگردی نہیں کر رہا بلکہ آپ کو Expose کر رہا ہے، پوری دنیا کے سامنے آپ کو Expose کر رہا ہے، آپ کے غلط Role کو Expose کر رہا ہے۔ جناب سپیکر! ایک ملک کی ترقی کے لئے Independent judiciary بڑی ضروری ہوتی ہے، اس کے لئے ہمارے وکلاء نے کافی قربانیاں دی ہیں، ہمارے سیاسی لوگوں نے کافی قربانیاں دی ہیں لیکن جناب سپیکر! ابھی جب یہ ہمارے ایم این ایز کو اٹھایا گیا، پارلیمنٹ پہ حملہ کیا گیا جو کہ میں سمجھتا ہوں کہ نو (9) مئی میں جو ان کے پتلے توڑے گئے، اس سے بہت بڑا سانحہ ہے کہ آپ نے پارلیمنٹ کے اوپر حملہ کیا جناب سپیکر! وہ کیوں کیا گیا؟ ایک Proposal انہوں نے تیار کی ہے امنڈمنٹس کے لئے، ترامیم کے لئے کہ ہم اس میں ترامیم کریں گے اور جناب سپیکر، Parallel Supreme Court بنانا چاہتے ہیں جس کو Constitutional Court کا نام دیا جائے گا جس میں Writ petitions جو ہیں وہاں پہ فائل ہوں گی جس کو اڑسٹھ (68) سال جو Age ہے اس کے بعد بھی اس کا چیف جسٹس لگایا جائے گا، جناب سپیکر، Parallel judiciary بنانا چاہتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ جناب سپیکر، آپ کے جوڈیشل کمیشن میں وہ ترامیم کرنا چاہتے ہیں۔ جناب سپیکر، وہ ہائی کورٹ میں Intra High Court transfer کی ترامیم لانا چاہتے ہیں تاکہ ہم وہ ججز جنہوں نے ان کے خلاف لیٹر لکھا کہ ہمارے کام میں یہ مداخلت کر رہے ہیں جناب سپیکر، ان کو اسلام آباد سے یا دوسرے صوبوں کو Transfer کر سکیں تاکہ اسلام آباد کے ہائی کورٹ میں وہ اپنے من پسند لوگوں کو، ججز کو بٹھائیں، جناب سپیکر، اس کی پرزور مذمت کرتے ہیں اور ان شاء اللہ جب تک اللہ نے چاہا اس کا راستہ روکیں گے۔ جناب سپیکر، اس وقت آئین مکمل Suspend ہے جناب سپیکر، اس ملک میں آئین جو کہ یہ اکثر ہلایا کرتے تھے، ایک کاغذ کے ٹکڑے سے زیادہ یہ بالکل نہیں سمجھتے جناب سپیکر، اس کے ساتھ میں یہ کہنا چاہوں گا کہ جناب سپیکر، اس ملک میں جو افراتفری ہے وہ چند لوگوں کی ضد اور انا کی وجہ سے ہے، تمام آرمی کا کوئی اس میں سروکار نہیں، چند لوگ ہیں جو کہ جوڈیشری میں بھی ہیں، جو کہ پاک آرمی میں بھی ہیں، جو کہ اس ملک کے نظام کو اپنے گھر کی لونڈی سمجھتے ہیں اور اپنی مرضی سے چلانا چاہتے ہیں جناب سپیکر، لیکن یہ نہیں ہو گا، ان کی خواہش پوری نہیں ہو گی کیونکہ اس دفعہ ان کا پالا ٹکر کے لوگوں سے پڑا ہے جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، اس ملک میں جنگیں مسلط کی گئیں، Afghan war آپ دیکھ لیں، اس کے ساتھ ساتھ نائن الیون (9/11) کا ہمارے ساتھ کیا تعلق تھا جناب سپیکر، اس میں تو کوئی پاکستانی ملوث نہیں تھا، ایک فون کال آ جاتی ہے اور آگے سے وہ بہادر لیڈرز جو ہیں وہ ڈھیر ہو جاتے ہیں اور اپنی زمین پرائے کے خلاف اپنے برادار اسلامی ملک، اسلامی لوگوں کے خلاف استعمال کرنے کی اجازت دے دیتے ہیں۔ جناب سپیکر، افغانستان کی جہاں تک بات ہوئی، میری بہن نے کہا کہ یہ تو فیڈرل معاملہ ہے، تو یہ ہم بھی سمجھتے ہیں کہ معاملہ فیڈرل کا ہے لیکن فیڈریشن میں میرا بھی حق ہے، میں بھی سٹیک ہولڈر ہوں جناب سپیکر، KP کے جو لوگ Overseas ہیں، جو Remittances اس ملک میں آتی ہیں، جو تھوڑا بہت آکسیجن آپ

کی Economy کو ملتا ہے جناب سپیکر، جن Remittances کو خان صاحب کے دور میں انیس (19) بلین ڈالر سے تینتیس (33) بلین ڈالر تک لے کر گئے تھے وہ کیونکہ خان پہ جس طرح پوری دنیا کا اعتماد تھا، اپنے Overseas لوگوں کا بھی تھا۔ تو جناب سپیکر، آپ کو حیرانگی ہو گی کہ اس Remittances میں ہمارے KP کے جو لوگ Overseas ہیں، ہمارا Share جو ہے وہ Forty percent ہے، یعنی بارہ سے چودہ بلین ڈالر، یہ ہمارے لوگ Contribute کرتے ہیں جناب سپیکر، تو ہمیں بولنے کا پورا پورا حق ہے۔ جناب سپیکر، اس کے ساتھ ساتھ، پرائی جنگوں میں اس ملک کو دھکیلا گیا، میں یہ سمجھتا ہوں جناب سپیکر، کہ خان کی جو Contribution ہے، چونکہ نماز کا وقت ہے اس نے اسلام کا مقدمہ کا لڑا، اسلاموفوبیا کا مقدمہ لڑا، اس نے جو میرے محبوب ﷺ کے خاکے بنایا کرتے تھے، وہ نادان اور بدبخت، ان کا راستہ روکا، ان کا مقدمہ لڑا۔ جناب سپیکر، کشمیر کا مقدمہ لڑا، فلسطین کا مقدمہ لڑا، اب یہ بہادر بنیں۔ پچھلے کئی مہینوں سے فلسطین میں جو کچھ ہو رہا ہے، میرے قبلہ اول کے ساتھ جو ہو رہا ہے، جو خون کی ہولی کھیلی جا رہی ہے جناب سپیکر، جو اپنے آپ کو ریاست سمجھتے ہیں اور ریاست کا ٹھیکیدار سمجھتے ہیں، وہ ایک Statement تو کر کے دکھائیں کیونکہ یہ نہیں دیں گے؟ جناب سپیکر، کیونکہ ان کے آقا ناراض ہوں گے، پھر ان کو جزیرے نہیں ملیں گے جناب سپیکر، پھر ان کے بچوں کو سکالرشپس نہیں ملیں گی کیونکہ یہ تو بہت کم قیمت میں بک جاتے ہیں، اس ملک کے مفادات بیچ دیتے ہیں جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! آخر میں میں Windup کرنا چاہوں گا۔ جناب سپیکر، اس ملک کو اگر آگے لے کر جانا ہے تو اس کا ایک ہی طریقہ ہے کہ اس اڈیالہ جیل میں جو بیٹھا قیدی نمبر 804 ہے، یہ مختلف طریقوں سے یہ نہیں چلے گا، وہاں جا کر یہ لوگ ان کے پاؤں پکڑیں، ان سے معافی مانگیں، ان شاء اللہ مجھے یقین ہے وہ بڑے دل والا ہے، ان شاء اللہ وہ ان کو معاف کر دے گا اور ان شاء اللہ اس ملک کو (تالیاں) اور میں یہ دعوے سے کہنا چاہتا ہوں جناب سپیکر، کہ اس ملک کو ان شاء اللہ ایک دفعہ پھر ایک نیک نیت، دیانتدار لیڈرشپ خان صاحب کی شکل میں ان شاء اللہ میسر آئے گی کیونکہ میرا یہ ماننا ہے کہ یہ ملک کلمے کے نام پہ بنا، یہ ایک خاص مقصد کے لئے بنا، اس ملک میں وقت گزارنے کے لئے اس کے نیشنل بننے کے لئے انڈیا سے لاکھوں لوگ یونہی ہجرت کر کے نہیں آئے جناب سپیکر، کوئی مقصد تھا کہ اس ملک میں اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ کا نظام ہو گا، تو ان شاء اللہ میں یہ دعوے سے کہتا ہوں کہ ایک دفعہ پھر ہماری یہ جدوجہد رنگ لائے گی اور اس ملک میں وہ پچیس کروڑ عوام کے دلوں کی دھڑکن ایک دفعہ پھر وزیراعظم بنیں گے اور اس ملک کو ان شاء اللہ چند سالوں میں نہ صرف South Asia کا Tiger بلکہ ان شاء اللہ عالم اسلام کا Tiger، عالم اسلام کا قلعہ صحیح معنوں میں اور ان شاء اللہ پوری دنیا میں ان شاء اللہ ایک Leading economy، ایک Leading democracy کے طور پہ ان شاء اللہ یہ ملک ابھرے گا۔ پاکستان زندہ باد، پاکستان تحریک انصاف پائندہ باد۔

<u>جناب مسند نشین</u>: شکریہ منسٹر صاحب۔

(اس مرحلہ پر بعض معزز اراکین نے نماز مغرب کے لئے وقفہ کرنے کا کہا)

جناب مسند نشین: مونږ خو به اوس ځان ته جمع کوئ نو، وایئ، وایه وایه، څه وایه، مائیک On کرواس کا۔

جناب عدنان خان: شکریه جناب سپیکر صاحب، د Rule 201 حواله درکومه، د دې نه مخکښې کورم Identify شوے وو، تاسو هغه ایډجرنمنټ والا Rule 201 تاسو جی چیک کړئ، په هغې کښې دا راغلی دی چې کله کورم Identify شی نو دوه منټه دپاره به Bell دغه کیږی، د Rules خبره جی، کومه دوه منټه دپاره، که په هغې کښې کورم پورا نه شو نو بیا به دا Sitting adjourn کیږی، Shall، هغې کښې د Shall خبره راغلې ده، یا به Sitting adjourn کیږی او یا به Suspend کیږی، نو دلته کښې زه صرف نشاندهی درته کومه چې مونږ د 201 دلته کښې Violation اوکړو، اوس زمونږ منسټر صاحب ډیر په فخر سره د آئین خبره اوکړه۔ دویمه خبره جی دا درته کومه، د مدینې ریاست خبره کوؤ چې اذان اوشی، بانګ اوشی او جماعت مونږ دعوت نه ورکوؤ نو څنګ به مونږه د مدینې ریاست جوړه وو؟ ډیر مننه، ډیر په ادب سره وایمه مننه۔

(تالیاں)

جناب مسند نشین: Sitting adjourned شوے وو، Sitting مونږ Adjourned کړے وو۔

جناب اختر خان، ایم پی اے صاحب، اختر خان۔

جناب اختر خان: جی سر، میں ہوں۔

جناب مسند نشین: نه ځو، بس مانځه ته ځو خو اوس ځان له به جمع کوؤ، د مونځ وقفه به اوکړو، د پندره منټ دپاره وقفه به اوکړو۔

(اس مرحلہ ایوان کی کارروائی نماز مغرب کے لئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب مسند نشین مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب مسند نشین: جناب اختر خان، ایم پی اے صاحب نہیں ہیں؟ جناب عدیل صاحب، عدیل، جی عدیل کا مائیک کھول دیں، عدیل اقبال کا مائیک On کردیں، مائیک On کردیں، پلیز۔

ملک عدیل اقبال: أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ۔ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ۔ جناب سپیکر، بہت شکریہ آپ کا کہ آپ نے مجھے ٹائم دیا۔ آج کل جو صورتحال چل رہی ہے اس کے بارے میں میرے ذہن میں ایک شعر آیا ہے:

؎ کتاب کب تک رہے گی سادہ کبھی تو آغاز باب ہو گا
جنہوں نے بستی اجاڑ ڈالی کبھی تو ان کا حساب ہو گا
سکوت صحرا میں رہنے والو رتوں کے مزاج کو سمجھو

ابھی تو اتنی گھٹن بڑھے گی کہ سانس لینا عذاب ہو گا

جناب سپیکر! میں سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کا، عمران خان صاحب کا اور حلقے کے عوام کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے مجھ جیسے نوجوان کو عمران خان کی Recommendation کے اوپر اس ایوان میں بھیجا۔ ہماری مثال اس کھمبے کی ہے جس کو کہتے تھے کہ عمران خان اگر کسی درخت، کسی کھمبے کو بھی ٹکٹ دے گا تو وہ اسمبلی میں جائے گا، میں سمجھتا ہوں یہ مثال میرے اوپر آتی ہے کہ جس کا کوئی سیاسی Back ground نہ ہو اور وہ بندہ آج اس ایوان میں بیٹھا ہو، یقین کریں اس صورتحال کو میں دیکھتا ہوں، میرے جیسے ہزاروں لاکھوں کروڑوں نوجوان جو عمران خان کو Idolize کرتے ہیں، جو عمران خان کو دیکھ کر ہم اپنا کاروبار اپنا سب کچھ باہر چھوڑ کر صرف یہ خواب سجائے اس ملک میں آئے ہیں، اس ایوان میں آئے ہیں کہ ہم اس ملک کی ترقی میں جو لوگ حصہ ڈالیں گے، ان کے ساتھ مل کر ہم اس ملک کے لئے، اپنے علاقے کے لئے، صوبے کے لئے کچھ کر سکیں گے لیکن بدقسمتی ہے کہ جب یہاں پہ آکر پہنچے تو ہمیں تو سمجھ آ گئی کہ جس قانون اور آئین کی ہم جو باتیں کرتے ہیں، وہ تو صرف کتابوں میں ہے۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ پارلیمان سپریم ہے جس کی مثال 10 ستمبر کو اسلام آباد میں ہم نے دیکھا کہ دس ایم این ایز کو اٹھا رہے ہیں، میں یہ سمجھتا ہوں MNAs Represent کرتے ہیں، ہر ایم این اے میرا خیال ہے کم سے کم آٹھ سے دس لاکھ کی آبادی کو Represent کرتا ہے، ایک کروڑ لوگوں کو آپ نے کل زبردستی نقاب پوشوں نے، لوگوں نے آکر ان کو اٹھا کر لے کے چلے گئے۔ میری کل سپیکر صاحب نیشنل اسمبلی سے ہماری ٹریننگ کے دوران ملاقات ہوئی، انہوں نے اس بارے میں ہمیں بتایا جو کہ بڑے اچھے الفاظ میں انہوں نے ذکر کیا کہ میں نے یہ Step اٹھایا، میں نے چار بندے پارلیمنٹ کے پتہ نہیں کوئی جو سارجنٹ تھے یا کونسے آفیسرز تھے، ان کو Suspend کیا، میں نے آئی جی کو بلایا، میں نے ڈی آئی جی کو بلایا، میں نے ان سے عرض کی سر، اس سے تو مسئلہ حل نہیں ہو گا، کیا وہ آئی جی کے بندے تھے جو نقاب پوش آئے تھے؟ کیا وہ ڈی آئی جی کے بندے تھے؟ کیا آپ کو نہیں پتہ، وہ ریاستی اداروں کے بندے تھے، آپ نے کیا کیا ان کے ساتھ؟ آپ تو جب تک Main issues کی طرف، Main core کی طرف نہیں جائیں گے تو اس طرح کے مسائل تو آپ روزانہ دیکھیں گے، انہوں نے بات کو Left اور Right کر کے ختم کر دی۔ جناب سپیکر، آج عمران خان کیوں لوگوں کے دلوں میں دھڑک رہا ہے؟ کیوں وہاں ہر نوجوان کے اندر خون کی طرح دوڑ دوڑ رہا ہے، کیوں؟ اس نے (1992) 92 میں پاکستان کو ایک پہچان دی ورلڈ کپ کی صورت میں، ورلڈ کپ، میں کہتا ہوں نیشنل میں انٹرنیشنل دنیا میں اور بھی کئی لوگوں نے ورلڈ کپ جیتے ہیں، کیا فرق ہے ان میں اور عمران خان میں؟ یہ لوگوں کو پتہ ہونا چاہیئے، اسی وجہ سے آج عمران خان کہاں پہ ہے؟ وہ جیل میں بیٹھ کر پورے لوگوں کے دلوں میں، پورے پاکستان میں نہیں Internationally راج کر رہا ہے، وجہ کیا ہے؟ وجہ یہ ہے کہ ان کو انعام میں جو انعامات ملے، جو پلاٹ ملے، جو چیزیں ملیں، انہوں نے شوکت خانم بنایا اور ادھر Donation دے دی، آج تک کئی لوگ Players اور بھی آئے ہیں، آگے بھی آئیں گے، دیکھ لیجیے گا کون کتنے پیسے کہاں پہ دیتا ہے؟ وہ عمران خان جس نے نمل یونیورسٹی بنائی، وہ عمران خان جس نے القادر یونیورسٹی بنائی، وہ عمران خان جس نے

ختم نبوت کا مقدمہ یو این او میں جا کر لڑا، وہ عمران خان جس نے غریبوں کے لئے لنگر خانے بنائے، وہ عمران خان جس نے سعودیہ کے بادشاہ کے آگے آپ کے غریب لوگوں کی رہائی کی بات کی، وہ ہے عمران خان، اس عمران خان کو ہمارے ریاستی اداروں نے جیل میں بند کر دیا، وجہ، اس کے اوپر الزام تو کیا لگا رہے ہیں؟ الزام گھڑی بیچنے کا لگا رہے ہیں، وہ عمران خان جو ایک شرٹ پہ سائن کریں تو وہ کروڑوں کی بک جاتی ہے، وہ عمران خان جو فلڈ کے لئے Telethon کرتا ہے جو اربوں روپے کی Donation اکٹھی کر لیتا ہے، اس کے اوپر کہتے ہیں کہ اس نے دو کروڑ یا چار کروڑ کی گھڑی بیچ دی ہے۔ وہ عمران خان بہتر (72) سال کی عمر میں جس کے اوپر عدت کا کیس کر دیتے ہیں، یہ وہ عمران خان ہے، DG (ISPR) Sahib! آپ کہتے ہیں کہ آپ کا سیاست میں کوئی عمل دخل نہیں ہے، ہم آپ کی اس بات پہ یقین کرتے ہیں لیکن کسی پارٹی سے بھی تو بیان دلائیں ناں کہ وہ بھی کہے کہ آپ کا کوئی عمل دخل نہیں ہے، آپ کے کہنے سے تو عوام یقین کریں گے ناں جب آپ کے ساتھ دوسری پارٹیاں بھی کہیں کہ آپ کی کوئی Interference نہیں ہے۔ کیا یہ عمران خان ہیں؟ وزیر اعظم، وہ سابق وزیر اعظم تھے، ان کے اوپر قاتلانہ حملہ ہوتا ہے، وہ ایف آئی آر او پر جو ہوئی ہے اس کی، اس کے اوپر ایف آئی آر نہیں کرا سکتے، وہ Nominate نہیں کر سکتے کہ اس پر کس نے قاتلانہ حملہ کیا ہے؟ یہ ہماری ریاست، ریاست تو ہم نے سنا تھا ماں جیسی ہوتی ہے، یہ ہے وہ ریاست جو وزیر اعظم اپنی ایف آئی آر نہ کرا سکیں۔ اس کے علاوہ آپ نے اور ریاستی اداروں نے ہمارے اوپر، آج تک ہمیں یہ سمجھ نہ آئی کہ یہ جو کام تھا، یہ کن کا کام ہے کہ جنہوں نے ہمارے اوپر IPPs کے Agreements کروائیں، بجلی آج ہماری اسی، پچاسی، نوے (80, 85, 90) سے اوپر چلی گئی ہے کمرشل یونٹ، انڈسٹریاں بند ہو گئی ہیں، آپ کو سپیکر صاحب! میں بتا تا چلوں ستتر (77) سال کی تاریخ میں اتنے پاسپورٹ نہیں بنے جو پچھلے 2023 میں ایک سال میں بنے ہیں، ریکارڈ ہے، قوم اس ملک کو چھوڑ کر جا رہی ہے، عوام نکل رہے ہیں، جس کو موقع مل رہا ہے وہ اس ملک سے جا رہا ہے اور اس سال کے جولائی میں سات مہینوں میں پچھلے ستتر (77) سال کا بھی ریکارڈ ٹوٹ گیا ہے جو پاسپورٹ بن رہے ہیں، ان کو کون پوچھے گا، یہ ادارے کہاں پر ہیں، یہ کیوں نہیں پوچھتے، کن لوگوں نے Agreements کئے ہیں بجلی کے مہنگے، آپ ان کو کیوں نہیں پکڑتے ہیں؟ آپ نو (9) مئی کے پیچھے پڑے ہیں، آپ عام نہتے عوام کے پیچھے پڑے ہیں، فوٹیجز آپ لوگ نہیں دیتے ہیں، آپ بتائیں ناں، فوج تو ہم ہیں، کون فوج اور پی ٹی آئی کے درمیان فاصلے پیدا کر رہا ہے؟ فوج تو، میرا بھائی فوج میں ہے، کسی کا چچا فوج میں ہے، کون ہو سکتا ہے جو پاکستانی فوج کی بے توقیری کرے، کون لوگ ہیں؟ وہ ان کی تو نشاندہی آپ کو کرنی چاہیئے، ہم کرتے ہیں، میرا تو اپنا بھائی شہید ہوا ہے، ہم نے تو جنازے اٹھائے ہوئے ہیں، ہمیں پتہ ہے جس کے گھر شہید ہوتا ہے اس کا کیا حال ہوتا ہے؟ عام نہتی پڑھی لکھی قوم کے سامنے آپ نے ان کو دہشتگرد بنا دیا ہے، ان سے آپ پوچھتے نہیں کہ ملک کو کس لیول پر لے کر چلے گئے ہیں؟ آج عدلیہ میں انصاف مل رہا ہے؟ آج کورٹس میں انصاف مل رہا ہے؟ آج کتنے جرم اور قاتل لوگ کتنے لوگوں کو سزا ہوئی ہے؟ کتنے بندے جو جرائم کرتے ہیں ان کو سزا ہوئی ہے؟ لوگوں کا اعتماد اٹھ رہا ہے، خدارا میں ریاستی اداروں سے درخواست کرتا ہوں اپنی توجہ، اپنی انرجی اس کے اوپر لگائیں، اپنی انرجی جو

ہمارے لکی مروت، ڈی آئی خان بارڈر کے افغانستان سے جو دہشتگردی ہوتی ہے، یہاں پر لگائیں، ہم اپنی انرجی بلوچستان میں لگائیں، بارڈر پر جو Interference ہو رہی ہے وہاں پر لگائیں یہاں پر آپ نے عمران خان کا، عمران خان کا نظام ہے کہتے ہیں کہ عدالت میں کیس ٹرائل ہے اور یہ کونسی عدالت ہے، اپنی مرضی کے دو چار مجسٹریٹس آپ بھیج دیتے ہیں کال کوٹھڑی میں بند کر کے، آپ نے نظام کا تماشہ بنایا ہوا ہے، نہ وہ عدالت میں آسکتا ہے Open میں، نہ کوئی اور ہو سکتا ہے۔ آپ جو کیس ٹرائل کرتے ہیں، کون یقین کرے گا اس کے اوپر، کیا اس کی پراسیکیوشن ہو رہی ہے، کونسا ٹرائل ہو رہا ہے؟ انٹرنیشنل دنیا دیکھ رہی ہے کہ ایک انٹرنیشنل بندے کو آپ نے کال کوٹھڑی میں بند کر کے تیرہ سے چودہ ماہ ہو گئے ہیں، اس کی تصویر نہیں باہر لانے دے رہیں، کونسے دہشتگرد کا آپ ٹرائل کر رہے ہیں، کونسے مقدمے ہیں، مقدمے کیا ہیں؟ کبھی نیب "القادر" کا بنا دیتا ہے، یونیورسٹی القادر کی یہاں پر بنی ہے، پیسے سپریم کورٹ میں پڑے ہیں، کال کوٹھڑی میں اس کو بند کیا ہوا ہے۔ نو (9) مئی نو (9) مئی لگایا ہوا ہے، نو (9) مئی کا آپ مجھے بتائیں ناں، وہ تو کہہ رہے ہیں آپ لائیں فوٹیج سامنے، ہم آپ کو لوگ پکڑ کر دیں گے کہ کون بندے ہیں؟ ان کو کوئی نہیں لا رہا۔ جناب سپیکر! آج یہ جمہوریت جمہوریت، یہ کونسی ڈیموکریسی ہے جی، آپ سب لوگ مجھے بتائیں، کونسی ڈیموکریسی میں ہم رہ رہے ہیں، یہ ڈیموکریسی ہوتی ہے، یہ جمہوریت ہوتی ہے؟ اگر یہ جمہوریت آپ کو پسند نہیں ہے، میں تو کہتا ہوں بند کریں اس سسٹم کو، آپ لوگ آئیں، اس ملک کو آگے لیکر چلے جائیں ہمیں منظور ہے لیکن اگر جمہوریت دینی ہے، خدا کے لئے اس ملک کو صحیح دیں، عوام کے ڈیمانڈ کو سمجھیں، یہ عوام قائداعظم کا پاکستان چاہتے ہیں، علامہ اقبال کا، جس نے خواب دیکھا تھا، اس ریاست کا دیکھا تھا؟ یہ خواب دیکھا تھا کہ فارم سینتالیس والے آکر بیٹھ جائیں گے، یہ خواب دیکھا تھا قائداعظم نے کہ پندرہ سیٹوں کا بندہ پرائم منسٹر بن کر بیٹھا ہو؟ آپ، میں اور جو یہ بندے بیٹھے ہوئے مجھے بتائیں، ان میں اور کچے کے ڈاکوؤں میں کیا فرق ہے؟ کچے کے ڈاکو پنجاب کو لوٹ رہے ہیں یہ تو پورے پاکستان کو لوٹ رہے ہیں۔ (تالیاں) اگر آج بھی، آج بھی ہم آنکھیں اپنی بند کریں گے، یہ ترمیم کر رہے ہیں، یہ کونسی ترمیم ہے؟ ان کے پاس تو مینڈیٹ ہی نہیں ہے، ڈاکو اور ڈاکو ڈاکو کھیل رہے ہیں۔ پنجاب میں ہمارے سی ایم نے اعلان کیا، پنجاب پاکستان کا حصہ نہیں ہے، کیا ہم وہاں پر Protest نہیں کر سکتے، ہم احتجاج نہیں کر سکتے؟ ان باتوں کو گھما گھما کر کبھی خواتین کارڈ کھیلتے ہیں، کبھی کونسا کارڈ کھیلتے ہیں، ہمارا ماشاء اللہ جو سی ایم ہے وہ تو شادی شدہ ہے، ان کا مقصد صرف ایک تھا کہ ہم عوام کے ساتھ آئیں گے، پنجاب کو ڈاکوؤں سے آزاد کرائیں گے ان شاء اللہ، یہ انہوں نے کہا ہے، یہ ان کا مقصد ہے لیکن ہم پنجاب میں نہیں جا سکتے، کیوں؟ بھئی، ہمارا آئین ہمیں حق دیتا ہے لیکن اس کے اوپر نہ کوئی جج بول رہے ہیں، نہ کوئی جوڈیشری بول رہی ہے، نہ کوئی اور نظام بول رہا ہے، او بھئی! ایک پاکستان کا حصہ KP پنجاب کیوں نہیں جا سکتا؟ آپ لوگ، وہ جو بیٹھی ہوئی ہیں سی ایم صاحبہ، وہاں پر بیس سیٹیں نہیں ہیں ان کے پاس ٹوٹل، بیس سیٹوں کے اوپر ڈاکہ مار کر بیٹھی ہوئی ہیں، پنجاب کے حقوق کے اوپر ڈاکہ ڈالا ہوا ہے لیکن مجال کہ کوئی بندہ بولے، الٹا جو لوگ احتجاج کرتے ہیں وہ بھی نہیں کر سکتے ہیں۔ حضرت علیؓ کا قول ہے کہ جو شخص ظلم کرے، اس کو روکو، اگر آپ روکو گے نہیں تو آپ بھی

ظالموں کی طرح شامل ہوں گے اس میں، ہمیں بتائیں، ہمارا اسلام ہمیں کہتا ہے آپ نے ظلم کیا ہوا ہے، ہم آواز نہ اٹھائیں؟ آج ساری صورتحال بڑی عجیب سی بنی ہوئی ہے۔ جناب سپیکر، یہ ساتھ میں میں ایک چیز کہنا چاہتا ہوں، اپنی پارٹی کو بھی، کہ خدا کے لئے اپنے اندر سے وڈیرا پن کو ختم کر دیں، یہ Feudalism کو ختم کر دیں، جو وڈیرے یہاں پر پہلے آیا کرتے تھے آج ان کا بھی نام ونشان ختم ہو گیا ہے، ہم سب صرف اور صرف عمران خان کے نظریئے کے اوپر ادھر آئے ہیں، انصاف کے اوپر آئے ہیں اور ہمیں انصاف قائم کرنے کے لئے اس حلقے کا، اس صوبے کا پورا ہم نے حق ادا کرنا ہے، ہم نے عمران خان کا جو مشن ہے انصاف کا، وہ ہم نے قائم کرنا ہے۔ اس کے ساتھ ہی میں سپیکر صاحب! اجازت چاہوں گا، آپ سے اس شعر کے ساتھ:

ے یہ جنگ ہار نہ جائیں سپاہ قید میں ہے
غلام تخت پہ قابض شاہ قید میں ہے

آخر میں جناب سپیکر! آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے ٹائم دیا اور ہمیں موقع دیا کہ ہم اپنے جذبات کا ادھر اظہار کر سکیں۔ آج کل، آج کے جوڈیشری نظام کے اوپر آخری بات کروں گا:

ے سوال کون اٹھائے گا منصفوں پر اے حضور
بری ہوئے سبھی مجرم گواہ قید میں ہے

بہت شکریہ جی، السلام علیکم۔

(تالیاں)

<u>جناب مسند نشین</u>: شکریہ جی۔ جناب محمد رشاد خان، ایم پی اے۔

<u>جناب محمد رشاد خان</u>: بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم۔ شکریہ جناب چیئرمین صاحب۔ جناب چیئرمین! میں اپنے حلقے کے حوالے سے ایک بات کرنا چاہتا ہوں۔ ایک اہم مسئلے کی طرف ایوان کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ جناب سپیکر! شانگلہ تحصیل "کانا" پانچ U/Cs پر مشتمل ہے اور اپنی خوبصورتی اور صحت افزاء مقامات کی وجہ سے اپنی مثال آپ ہے۔ پشاور اسلام آباد سے لوگ گرمیوں میں شانگلہ آتے ہیں، وہاں پہ رہائش اختیار کرتے ہیں، وہاں کے لوکل لوگوں کا جو ذریعہ آمدنی ہے، Economy میں اضافے کا سبب بنتا ہے۔ جناب سپیکر! "کانا" روڈ، کروڑہ اجمیر لوگے روڈ ایک واحد ذریعہ ہے آمدورفت کا، اور اس موقع پر جناب سپیکر، میں سابق وزیراعلیٰ حیدر خان ہوتی کا ذکر نہ کروں تو یہ زیادتی ہو گی۔ 2010 کے فلڈ میں میری کوششوں سے اس ایوان میں انہوں نے اس روڈ کی Rehabilitation پر کام کیا اور کافی معیاری کام کیا، بعد میں فلڈز آئے اور شانگلہ جو ہے، وہاں پر کافی مطلب 2005 کے زلزلے میں کافی نقصانات ہوئے 2010، 2015 فلڈ میں تو Military Operation, Talibanization، تو ایک پسماندہ ضلع ہے۔ 11 ستمبر 2023 کو وہاں پہ ایک روڈ کا، اسی روڈ کا ٹینڈر ہوا جو عکاس نامی کمپنی کا ٹینڈر Approve ہوا، ایک سال ہو چکا ہے جناب سپیکر، ایک Retaining wall پر وہ کام کر رہے ہیں، اس کے علاوہ کہیں پہ کام جاری نہیں ہے۔ اگلے آنے والا جو سیزن ہے وہ سردیوں کا ہے، پھر وہاں پہ پانچ چھ ماہ

کام کرنا مشکل ہوتا ہے، تو میری حکومت سے اپیل ہے، برائے مہربانی محکمہ کو ہدایت کریں کہ وہ اس کمپنی کے کنٹریکٹر کو بلائے، اس کو پابند کرائے کہ معیاری کام کریں، وہاں پہ کم از کم پانچ چھ جگہوں پہ کام شروع کرنا چاہیئے۔ جناب سپیکر! میں ایوان میں یہ بات اس لئے کر رہا ہوں کہ وہاں پہ ایک کمیٹی بنی ہے کیونکہ یہ World Bank funded road ہے، Fully funded road ہے، فنڈز کا بھی کوئی ایشو نہیں ہے، وہاں پہ کمیٹی میں کافی نامی گرامی لوگ شامل ہیں، میں نے عرض کی کہ شانگلہ کانا کے لوگ بڑے شریف النفس، اعلیٰ اقدار اور اخلاق کے حامل لوگ ہیں، وہ احتجاج کی Call کرتے ہیں تو وہ صرف کانا روڈ کے لئے نہیں ہوگا باقی اضلاع، باقی جو تحصیلیں ہیں وہ ان میں شامل ہوئے ہیں، جو ماضی میں ہو چکا ہے تو وہاں پہ ایک کمیٹی بنی ہے جس میں ہمارے صوبائی نائب صدر ذوالفقار صاحب ہیں، عامر زیب خان برکانا، جاوید خان داموڑئی اور ظہور الٰہی پیر خانہ، بصر ناظم صاحب ہیں، یہ آپ کے پی ٹی آئی کے جو ہیں چیئرمین وقار صاحب اس کمیٹی میں شامل ہیں، جے یو آئی کے سینیٹر راحت حسین صاحب اس کمیٹی میں شامل ہیں، اے این پی کے امیدوار ہیں، صوبائی اسمبلی کے متوکل خان اور ایکشن کمیٹی وہاں پہ ایک ہیں نعیم خان اس کو لیڈ کرتے ہیں۔ انہوں نے مطلب میٹنگ کی ہے اور وہ احتجاج کی Call کر رہے ہیں، ایک سال سے وہاں پہ انہوں نے مشینری کھڑی کی ہوئی ہے، کام نہیں کر رہے ہیں، تو میری یہ ریکویسٹ ہے جناب سپیکر، کہ لوگوں کا یہی کام ہے، وہ احتجاج کریں گے، روڈوں پہ آئیں گے تو اس پہ یہاں پر بات ہو رہی ہے، تو یقین دہانی تھوڑی سی کرادی جائے کہ وہ کمپنی کو بلایا جائے کہ وہاں پہ کام کی رفتار کو تیز کریں اور معیاری کام کریں، یہ یقین دہانی کی درخواست ہے۔

<u>جناب مسند نشین</u>: جی منسٹر صاحب! میجر سجاد صاحب! اس کی یقین دہانی ان کو کروادیں کہ ــــــ

<u>جناب محمد سجاد (وزیر زراعت)</u>: ٹھیک ہے جناب سپیکر! بات ہم نے نوٹ کر لی ہے اور اچھا ہوا، انہوں نے Point out کیا، اس طرح اگر کہیں پہ اور بھی کام رکے ہوئے ہیں تو ہم ان شاء اللہ یہ ڈیپارٹمنٹ سے بات کر لیں گے اور چیئرمین DDAC جو ہیں، اس سے بھی بات کر لیں گے اور اگلے ہفتے جو ہے ناں کوئی میٹنگ بھی رکھ لیں گے، اگر آپ بھی آنا چاہتے ہیں، آپ بھی آجائیں تو بہتر ہے کہ ہم اگر آپ احتجاج کو رکوالیں تاکہ پہلے ہم جو ہے ناں یہ ــــــ

<u>جناب مسند نشین</u>: ان کو بھی بلادیں۔

<u>وزیر زراعت</u>: یہ Foreign funded جو پراجیکٹس ہیں، یہ ہم بھی چاہتے ہیں کہ ٹائم پہ پورے ہو جائیں کیونکہ آگے Donors جو ہوتے ہیں وہ Utilization جو ہے ناں اس میں Interested ہوتے ہیں کہ ہو جائے۔ اگر کوئی ایسی ٹیکنیکل وجہ یا کوئی ایسا مسئلہ ہوا تو آپس میں مل بیٹھ کر ان سے بھی بات کریں گے کہ اس کے Reasons کیا ہیں کہ انہوں نے رکوایا ہوا ہے؟ حکومت کی اپنی Interest یہ ہے کہ تیزی سے کام ہو اور جلدی جلدی کام ہو اور یہ اگر رکا ہوا ہے تو لازمی بات ہے ادھر لوکل کوئی پرابلم ہو گا، کوئی ایشو ہو گا، تو ہم کوشش کریں گے کہ Contractors کو بھی بلائیں، Consultants کو بھی بلائیں اور Donors کے ساتھ بھی رابطہ کر لیں اور ان شاء اللہ ہم Sort out کر لیں اگلے ہفتے۔

جناب مسند نشین: ایم پی اے صاحب کو بھی اس میں بلالیں۔

وزیرزراعت: ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔

جناب مسند نشین: تھینک یو جی۔ جی رشاد خان!

جناب محمد رشاد خان: منسٹر صاحب کا مشکور ہوں، کافی اچھی یقین دہانی انہوں نے کرائی ہے، تھوڑا ساDate اگر بتا دیں، کافی لوگ انتظار میں ہیں کہ یہ میٹنگ آپ کب Call کریں گے۔

وزیرزراعت: سر! آپ کو تو پتہ ہے کہ ہمارا اگلے ہفتے جو ہے ناں، بلکہ یہ Saturday کو جلسے کا پروگرام ہے اور باقی میڈم، کیا نام ہے اس کا؟ یہ میڈم کا کیا نام ہے؟ ثوبیہ، وہ میڈم ثوبیہ نے بتایا بھی ہے کہ آگے انہوں نے گرفتار کرانا ہے ادھر ہمیں، تو ان شاء اللہ اگلے ہفتے بدھ یا جمعرات کو ان شاء اللہ خیر سے واپسی ہوگی، بدھ کو ہم میٹنگ کرلیں گے۔

جناب مسند نشین: Next week میں، Next week میں۔

وزیرزراعت: Next week میں بدھ کو ہم میٹنگ کرلیں گے اور جمعرات کو آپ کو Feedback دے دیں گے ان شاء اللہ۔

جناب مسند نشین: ٹھیک ہے، تھینک یو۔ جناب نثار باز صاحب، نثار باز صاحب۔

جناب محمد نثار: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ شکریه جناب سپیکر صاحب! د وخت راکولو۔ په تیر سیشن کښې هم چې کوم دے پارلیمان د Supremacy خبره کیدله، د آئین د بالا دستئی خبره کیدله او د غیر جمهوری قوتونو په مداخلت باندې ډیر تفصیلی بحثونه دلته اوشول او لا روان دی، روان بحث پرې کیږی چې دوئ په سیاست کښې مداخلت کوی۔ جناب سپیکر صاحب! په تیر سیشن کښې یو قرارداد د حکومتی ارکانو د خپل بنچز نه پاس کړے وو او په هغې کښې ئې لیکلې وه یو جمله چې د تیر دوه کالو نه د اسټیبلشمنټ مخصوص جرنیلان چې کوم دے په سیاست کښې مداخلت کوی، نو تاریخ به لږ درست حسابوؤ، د تیر دوه کالو نه نه، د 1947 نه چې کوم دے راپه دیخوا باندې مداخلت کوی، تاریخ به بیا چې کوم دے روغ جوړ دې قام ته ایږدو، قوم به نه ګمراه کوؤ۔ دویمه خبره دا ده چې د 1973 آئین چې نن ئې دلته هر سړے ذکر کوی او هر هغه پارټی چې د اسټیبلشمنټ په اوږو باندې اقتدار ته په وفاق کښې رسیدلې دی او بیا هم د دغه اسټیبلشمنټ سره Conflict راغلے وی نو هغه نن د 1973 د آئین دفاع کوی، هم په دغه 1973 آئین جوړولو کښې د رهبر تحریک، قائد جمهوریت خان عبدالولی خان بنیادی کردار وو، هغه د اپوزیشن لیډر وو، بیا په دې مینځ مینځ کښې مارشل لاء ډکټیټر راغلل، د هغه مارشل لاء ډکټیټرز خلاف هم چې کوم دے عوامی نیشنل پارټی خپل تاریخی تسلسل جاری اوساتلو او د خپل Basic principles دپاره ئې چې کوم دے Fight اوکړو او د هغې خلاف ئې مزاحمت اوکړلو۔ کله چې په 2008 کښې د عوامی

نیشنل پارټۍ د پاکستان پیپلز پارټۍ سره Coalition government راغـے نو چې کوم د 1973 آئین جوړ کړے شوے وو، په هغې کښې زمونږ د اکابرینو کردار وو، نو هغه آئین چهیړلے شوے وو، دغه مارشل لاء ډکټیټرانو پکښې چې کوم دے ګوتې وهلې وې، نو د 2008 نه پس د پاکستان پیپلز پارټۍ سره په اشتراک کښې اتهارهویں آئینی ترمیم متفقه طور د نیشنل اسمبلۍ نه پاس کړلے شو، هغه مسوده چې تیاریده د هغې دپاره کومه کمیټی جوړه شوې وه، پارلیمانی کمیټی، د هغې 124 اجلاسونه شوی وو او په 124 اجلاسونو کښې دا شپږ میاشتې مسلسل اجلاسونه روان وو، اتلسم آئینی ترمیم د دې صوبې دپاره هم او د ټول پاکستان دپاره هم د پاکستان پیپلز پارټۍ او د عوامی نیشنل پارټۍ یو تحفه ده، نورو کومو پارټو سره چې کوم Contribution کړے دے۔ د عوامی نیشنل پارټۍ نمائندګی په هغې کښې مرحوم حاجی عدیل صاحب او سینیټر افراسیاب صاحب کوله، د دغه آئین د دفاع دپاره، د Civilian supremacy دپاره، د حقیقی اولس واکئی دپاره عوامی نیشنل پارټۍ ټول عمر جدوجهد کړے دے او وهل ئې هم په دې خاطر باندې خوړلې دی، که په 2013 کښې اوشوله زمونږ سره، که په 2018 کښې اوشوله نو دا په دې خاطر باندې کیدله چې مونږ په دې ملک کښې حقیقی جمهوریت غواړو، Civilian supremacy غواړو، چې اختیار به د پارلیمنټ سره وی، ټول اختیار به د پارلیمنټ سره ورسره وی، دا ادارې به د پارلیمنټ تابع وی۔ نن که تاسو اوګورئ، زمونږه داخله او خارجه پالیسی دا د پارلیمنټ تابع نه ده نو په تیر ګورنمنټ کښې تاسو دا کوشش نه دے کړے چې دا داخله او خارجه پالیسی د پارلیمنټ تابع شوی وې، او نه په دې ګورنمنټ کښې کوشش کیږی چې دا داخله او خارجه پالیسی د پارلیمنټ تابع کړلې شی، بیا دغه پالیسی دا چې کومه دے په جنګ باندې ولاړه ده، په مداخلت باندې ولاړه ده او بیا چې کله کومې پارټۍ ته د اسټیبلشمنټ د طرف نه څه نقصان ورسیږی نو هله ورته د 1973 آئین یا ورته د پارلیمنټ بالادستی او د آئین حکمرانی ورته یاد شی۔ جناب سپیکر صاحب! څو ورځې وړاندې په نیشنل اسمبلۍ کښې آئینی ترامیمو دپاره یو مسوده وړاندې کیدله، زمونږ مرکزی صدر جناب ایمل ولی خان په سینیټ کښې ډیر کهلاؤ خبره کیښودله او باهر ئې د میډیا په ریکاډ هم راوستله چې مونږ نه دا وخت د اپوزیشن برخه یو او نه د حکومتی بنچز برخه یو، دا ئې د سینیټ چیئرمین ته زما د وړاندې اووئیل چې مونږ ته د بیا ځان له کرسۍ مختص کړلې شی ځکه چې زمونږه د اپوزیشن د پالیسو سره هم اختلاف دے او د ګورنمنټ د پالیسو سره هم زمونږه اختلاف دے۔ دغه Major درې پارټۍ، دغه اسټیبلشمنټ چې نن دا ټول خلق وائی چې دوئ په سیاست کښې مداخلت کوی، دوئ د آئین نه تجاوز کوی نو دا موقع ورته چا ورکړې ده؟ خو دا Major پارټۍ ورته دا موقع ورکوی، کله ورله یوه پارټی ورکړی هغه په

اقتدار کښې راولی او کله ورله بله پارټی ورکړی هغه په اقتدار کښې راولی، وړو پارټو، قوم پرسته پارټو دوئ خو همیشه مزاحمت کړے دے، همیشه چې کوم دے د پارلیمان د بالادستئی دپاره جهګړه کړې ده او Fight ئې کړے دے۔ په اتلسم آئینی ترمیم کښې مونږه صوبائی خود مختاری چې کوم دے آئینی طور باندې ګټلې ده، د تیرو دولسو کالو نه د دې صوبې واک او اختیار د پاکستان تحریک انصاف سره دے، تاسو ولې په هغې باندې عملدرآمد نه کوئ، کومه صوبائی خود مختاری چې مونږه په اتلسم آئینی ترمیم کښې په آئینی شکل کښې ګټلې ده، د هغې دپاره تاسو قانونی جنګ ولې نه کوئ؟ نن وفاق به د دې صوبې د بجلئ په مد کښې یا د اوبو په مد کښې یا د ګیس او تیل په مد کښې چې کومه رائیلټی ښودلې ده، د هغې دپاره تاسو سره څه پروګرام او څه میکنزم درسره دے، د هغې فکر تاسو ولې نه کوئ، د هغې دپاره به تاسو Fight کله کوئ؟ مونږ به درسره د عوامی نیشنل پارټئ یو ممبر په حیثیت به درسره د اپوزیشن نه مونږه ولاړ یو خو که تاسو د دې صوبې د دې عوامو سره مخلص وئ، د دې صوبې سره مخلص وئ نو مونږ به درسره ولاړ یو، مونږ به درسره په دغه Fight کښې شریک یو۔ د آئین د بالا دستئ یا د پارلیمنټ Supremacy چې څومره ضروری ده نو د دې صوبائی اسمبلئ تقدس هم ډیر زیات ضروری دے، په دې صوبائی اسمبلئ کښې چې کومو مسائلو باندې خبره کیږی یا کوم مسائل Point out کیږی، آیا تاسو په هغې باندې غور کړے دے، هغې ته ستاسو توجه شته دے؟ په دې باندې به هم لږ غور کول غواړی۔ یو سړے چې یوه ګوته بل ته نیسی نو څلور ئې ځان ته راتاؤ کړی وی، د خپلو خپلو ګناهونو نه به توبه دا Major پارټئ اوباسی، راځی به او یو نوے Charter of democracy به Sign کول وی، د هغې دپاره به د خپل انا نه، د خپل ضد نه د دې نه به راوتل غواړی، دا به نه وی چې زه د پنځو ورځو دپاره انقلابی شومه او چې وروستو مې ورسره بیا Commitment اوشولو نو بیا دې زما نه انقلاب هیر شی۔ د دې دپاره د سنجیدګئ ضرورت دے، د مکالمې ضرورت دے، د اجتماعی دانش او د پوهې ضرورت دے۔ انقلاب او بدلون دا ډیره ستره (لویه) سینه غواړی، دا ډیر اوږد مزل دے، دا په یو ورځ باندې Counter کیږی نه، دا مقتدر قوتونه چې نن د دې ریاست په هر څیز باندې قابض دی او قبضه ئې لګولې ده، پارلیمنټ د هغوی په اشارو چلیږی، اسمبلیانې د هغوی په اشارو چلیږی، په عدالت کښې هغوی مداخلت کوی او د نیب نه چې کوم دے مورچه ئې جوړه کړې وی، تاسو هم استعمال کړے دے نیب، د هغوی په اشارو مو استعمال کړے دے، دغه نیب هم د دې سیاسی خلقو خلاف بیا استعمالیږی، مونږ خو جناب سپیکر صاحب، د پارټئ د پالیسی مطابق عوامی نیشنل پارټی خپله ایګزیکټیو باډی لری، خپل تنظیمی سټرکچر لری، په هغې کښې چې زمونږ کومه پالیسی ده،

پالیسی سازی کیږی، هغه د قوم د مخکښې چې کوم دے وړاندې کیږی۔ په دې موجوده چې کومه مسوده دوئ پارلیمنټ ته راوړله او پته ئې ساتله، پکار دا ده چې په آئین کښې ترمیم کیږی یا یو قانون سازی کیږی چې هر څوک په حکومت کښې وی او هره پارټی وی نو پکار دا ده چې هغه په نیشنل اسمبلئ کښې ټیبل کړی چې په هغې باندې بحث اوشی، مباحثه پرې اوشی، ټولې پارلیمانی پارټئ په هغې باندې خپل Opinion ورکړی او چې په کومو خبرو باندې Consensus develop شی، په هغې دې فیصله اوشی، چې په کومو نکاتو باندې Consensus نه Develop کیږی نو پکار ده چې کمیټئ ته ریفر کړے شی او په هغې کمیټئ کښې پرې ټول پارلیمانی پارټو ممبران پکښې ناست وی او تفصیلی بحث پرې اوشی او د هغې نه وروستو بیا راشی او متفقه طور منظور شی۔ خو چې کله داسې په غلاغلتئی باندې کیږی نو د دې مطلب دا دے چې "دال میں کچھ کالا ہے"، په هغې ورځ باندې ایمل ولی خان ډیره کهلاؤ خبره کړې وه د پارټی په نمائندګی باندې چې کله سینیټ ته دا بل راوړلے شی، مونږ به ګورو، که د عوامو په مفاد کښې وو نو مونږ به ورسره اودریږو او که د عوامو په مفاد کښې نه وو، د کومې ادارې په مفاد کښې وو، د کومې محکمې په مفاد کښې وو یا د کوم شخص په مفاد کښې وو، مونږ به د هغې چې کوم دے بهرپور مخالفت کوؤ، مونږه چې کوم دے نه د ګورنمنټ سره ولاړ یو او نه د اپوزیشن سره ولاړ یو، مونږه خپله پارټی لرو، خپل فکر او خپله نظریه لرو، خپله پالیسی لرو، د ملک په سطح ئې هم لرو، خارجه ئې هم لرو او د صوبې په سطح ئې هم لرو۔ زه جناب سپیکر صاحب! زمونږه د پارټئ چې کومه فیصله راغلې ده، دا په Floor of the House باندې وړاندې کومه، د هغې نه پس به خپله خبره بیا زه راغونډوم۔

ملک میں جاری سیاسی لڑائی مرکز میں طاقت کے لئے ہے، عوامی نیشنل پارٹی کا روز اول سے مؤقف ہے کہ طاقت کا محور صرف پارلیمان ہے، عوام کے چنے ہوئے پارلیمان کے علاوہ طاقت کا دوسرا مرکز ہرگز قبول نہیں۔ پارلیمان کی بالادستی اور آئین کی حکمرانی کے لئے عوامی نیشنل پارٹی تاریخی جدوجہد جاری رکھے گی۔ اگر ترمیم میں آئینی عہدیداروں کی مدت ملازمت میں توسیع ہو گی تو ہم اس کی بھرپور مخالفت کریں گے، ایسی کسی بھی آئین کی مخالف کریں گے جو شخصی آزادی کے خلاف ہو۔ سیاسی کارکنوں کی فوجی عدالتوں میں ٹرائل کی تجویز کو ہم مسترد کرتے ہیں، وفاقی آئینی عدالت کا قیام عوامی نیشنل پارٹی کا دیرینہ مطالبہ ہے، آئینی ترامیم میں وفاقی آئینی عدالت کے قیام کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ اس حوالے سے قومی اسمبلی میں جناب ملی مشر اسفندیار ولی خان کا تاریخی خطاب تاریخ کا حصہ ہے۔ یہ ہمارے روز اول سے جو ہے ناں مطالبہ رہا ہے، عوامی نیشنل پارٹی آئینی ترامیم میں عدالتی اصلاحات کی حمایت کرتی ہے، پارلیمان کی بالادستی کے لئے عدالتی اصلاحات وقت کی ضرورت ہے، اگر اصلاحات نیک نیتی سے ہوں، اگر عدالتی اصلاحات نیک نیتی سے ہوں تو کی جائیں تاکہ "نظریہ ضرورت" ہمیشہ کے لئے اس کے دروازے بند ہو جائیں۔

بنیادی انسانی حقوق اور جمہوری اصولوں کے خلاف کوئی بھی ترمیم قابل قبول نہیں، وفاقی اور صوبائی خودمختاری کے خلاف کسی بھی ترمیم کو ہم مسترد کریں گے۔آئینی ترامیم کی حمایت کریں گے جو 1973 کے آئین سے متصادم نہ ہوں۔ ایسی ترامیم کی بھرپور کی مخالفت کریں گے جو اٹھارہویں آئینی ترمیم کے لئے نقصان دہ ہوں۔

جناب سپیکر صاحب! د عوامی نیشنل پارټۍ هره پالیسی او غرض دا د نمر په شان روخانه وی خو دلته یو قصه شروع شی، سیاست یو طرف ته غیر جمهوری قوتونو، مقتدر قوتونو په دې ریاست کښې مسلسل د سیاسی انجینئرنګ په وجه باندې دومره سپک کړے دے او دومره مات کړے دے چې اولس ئې بې باوره کړے دے، اولس په سیاست باندې یقین نه ساتی او دویم اړخ ته بیا چې کوم پاتې کردار دے نو هغه پکښې چې کوم دے زمونږه پارلیمنټیرینز ادا کوی، د سیاسی کارکنانو تربیت نه کیږی، په سوشل میډیا باندې یو طوفان بدتمیزی شروع شی، د مشرانو بې عزتیانې کیږی، سپکې سپورې وئیلې کیږی، په غلطو القاباتو یادیږی، دا کوم تربیت مونږه دې خپل قوم له ورکوؤ، دا کوم تربیت روزانه مونږه د دې خپل قوم او د خپلو بچو کوؤ؟ د سیاست نه خو ورځ تر ورځه د اولس کرکه پیدا کیږی، که غواړو دا چې پارلیمنټ مضبوط شی، که غواړو دا چې په آئین او په قانون باندې عملدرآمد اوشی، که غواړو دا چې په آئین او په قانون باندې عمل درامد اوشی، که غواړو دا چې جمهوری طاقتونه مضبوط شی، نو بیا به مونږ خپل سیاسی کارکنانو له به سیاسی پوهه ورکوؤ، په قامی مقدمه باندې به ئې پوهه کوؤ، هغه ته به د سیاست هنر بنایو، چې سیاست د دلیل نامه ده، سیاست د برداشت نامه ده، سیاست د شائستګۍ نامه ده، سیاست د پارلیمانی لهجې نامه ده، سیاست د دې نامه نه ده چې ته په چا پسې خپل کسان رااوسپړې چې شابه فلانی پسې تاسو Trolling شروع کړئ، د فلانی Trolling شروع کړئ، دا خو سیاست مونږه نور هم بدناموؤ، سیاست مونږ نور هم سپکوؤ، نو لهذا په دې ایوان کښې ناست که د اپوزیشن ممبران دی او که حکومتی ممبران دی، دې ټولو ته مې دا اپیل دے چې د خدائې دپاره د خپلو خپلو کارکنانو سیاسی تربیت شروع کړئ چې د سیاست په سائنس باندې پوهه شی، سیاست سائنس دے، د خپل قام خدمت ته وئیلې کیږی، د خپل قام د مسئلو د هموارولو دپاره چې کوم دے جدوجهد ته وئیلې کیږی، د خپل قام اصلاح ته وئیلې کیږی چې ته به د خپل قام اصلاح کوې۔ دا چې مونږ په سوشل میډیا کوم Trolling کوؤ، د یو بل د مشرانو پګړئ اچهالوؤ نو دا خو سیاست نه شو، دا خو جمهوریت نه شو، دا خو مونږه هغه ته چې غیر اخلاقی تربیت ورکوؤ، پکار دا ده چې مونږه ئې په اخلاقو باندې کار اوکړو۔ زه خبره ختموم، یو شعر به چې کوم دے دې حکومتی ارکانو ته ډالئی کوم، وائی:

نن ټول خلق د هغه محبوبه سندره وائی ے

د اجمل بابا شعر دے۔

نن ټول خلق د هغه محبوبه سندرې وائی
خټک چې به د ځان سره ژړله کله

او دویم شعر د دې خپلو ورونړو دپاره چې کوم Struggle کوی، د هغوی دپاره چې:

دا باد د زمانې چې مونږه چیری هسې نه ده
دا ګورې په مړو ایرو کښې سره بسری شته که نه

هسې نه چې داسې دا کوم ډیر پر جوش او انقلابی خطابونه کوئ خو ګوره دا باد د زمانې تاسو چیرئ چې سحر بیا د دې نه منکر نه شئ، که د حقیقی اولس واکئ دپاره ستاسو Struggle وی، ستاسو جدوجهد وی، ستاسو منډې ترړې وی نو مونږ ئې Appreciate کوؤ خو دا به نه وی چې نن ئې یو چا له ولے ورکړے دے او سحر له د هغوی نه ولے ښکته کړی او تاسو له ولے درکړی او تاسو بیا د هغې سندرې شروع کوئ، سندرې به د دې قام وایو، سندرې به د خپلې خاورې وایو، د خپل اولس به ئې وایو او د خپلې خاروې د خپل اختیار به ئې وایو، ډیره مهربانی۔ وَمَا عَلَیْنَآ اِلَّا الْبَلَاغُ۔

جناب مسند نشین: شکریه جی۔ داؤد شاه، دې پسې بیا ته اوکړه کنه۔

جناب داؤد شاہ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔

جناب مسند نشین: دې پسې بیا ته اوکړه کنه۔

جناب داؤد شاہ: Last دے Last دے، خیر دے، خیر دے۔

(اس مرحلہ پر کورم کی نشاندہی کی گئی)

جناب مسند نشین: اوشماره، کاؤنټنګ اوکړه، څومره ؟انیس۔ دوه منټو دپاره Bell بجاؤ کړئ۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب مسند نشین: کاؤنټنګ اوکړئ جی۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

جناب مسند نشین: بیس (20)، دا به Adjourn کړو بیا۔

The sitting is adjourned till 02:00 p.m, Monday, 23rd 2024.

(اجلاس بروز سوموار مورخہ 23 ستمبر 2024ء بعد از دوپہر دو بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)